CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | بدھ، یکم جولائی 2026ء 15 محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 177

پانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں، بلاول

سندھ طاس معاہدے کی بحالی کے بغیر پاکستان بھارت پائیدار امن ممکن نہیں، آبی وسائل کو ہتھیار بنانا عالمی قوانین، علاقائی استحکام اور سلامتی کے خلاف ہے

دریائے سندھ پاکستان کی زندگی، زراعت اور معیشت کی بنیاد ہے، آبی وسائل پر کسی بھی جارحیت کا قومی سطح پر بھرپور اور مؤثر جواب دیا جائے گا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پانی صرف جغرافیہ نہیں بلکہ خوراک، مستقبل اور زندگی کا سوال ہے، دنیا کو احساس ہو چکا کہ پانی کے وسائل عالمی سیاست اور سلامتی کا مرکزی مسئلہ بن چکے ہیں۔ آبی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا عالمی امن کیلیے خطرناک ہے، پاکستان آبی مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ ''ایکسپریس نیوز'' کے مطابق سندھ طاس معاہدہ سے متعلق بین الاقوامی سمینار سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ پانی صرف جغرافیہ نہیں بلکہ خوراک، مستقبل اور زندگی کا سوال ہے، دنیا کو احساس ہو چکا کہ پانی کے وسائل عالمی سیاست اور سلامتی کا مرکزی مسئلہ بن چکے ہیں۔ جس طرح آبنائے ہرمز کی بندش عالمی معیشت (بقیہ نمبر 1)



صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے اوگرا ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر دیئے

صدر نے وزیراعظم کے مشورے پر ترمیمی آرڈیننس جاری کیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے اوگرا ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر دیئے۔ اعلامیے کے مطابق صدر نے اوگرا آرڈیننس 2002ء کی دفعات 2 اور 3 میں ترمیم سے متعلق آرڈیننس جاری کر دیا۔ ''جنگ'' کے مطابق اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ (بقیہ نمبر 3)

حکومت نے فنانس ایکٹ کا باقاعدہ گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد: فنانس ایکٹ 27-2026 کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس کے تحت نئے ٹیکس اقدامات کا اطلاق یکم جولائی سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت (بقیہ نمبر 2)

عمان سے آنے والے بحری جہاز پر جرمانہ

کراچی امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی پر پندرہ لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا

کراچی: امیگریشن قانون کی خلاف ورزی پر عمان سے کراچی پہنچنے والے بحری جہاز پر 15 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی امیگریشن نے کراچی سی پورٹ پر اہم ترین کارروائی کرتے ہوئے امیگریشن قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر بحری جہاز پر 15 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ عمان سے آ (بقیہ نمبر 4)

وزارت مذہبی امور کا اگلا حج ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ

اب گھر بیٹھے آن لائن رجسٹریشن اور واجبات کی ادائیگی آسانی سے کی جا سکے گی

اسلام آباد (30 جون 2026): وزارت مذہبی امور نے اگلے برس حج 2027 کے خواہشمند افراد کے لیے بڑی سہولت فراہم کر دی ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق وزارت مذہبی امور کا حج آپریشن مکمل ہو گیا اور اگلے برس حج کے انتظامات کو ڈیجیٹل بناتے ہوئے نیشنل آئی ٹی بورڈ کے تعاون سے ڈیجیٹل حج نظام فعال کر دیا گیا ہے۔ وزارت مذہبی امور نے آن لائن حج پورٹل نے ڈیڑھ لاکھ رجسٹریشن کا سنگ میل عبور کر لیا ہے جب کہ وزیراعظم کی ہدایت پر حج و (بقیہ نمبر 5)

اسٹیٹ بینک نے بلاوجہ بینک اکاؤنٹس بلاک کرنے پر سخت پابندی لگا دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے ملک بھر کے بینکوں پر بغیر قانونی وجہ، مجاز اتھارٹی کی منظوری اور تصدیق کے اکاؤنٹس بلاک کرنے پر سخت پابندی عائد کر دی۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اسلا (بقیہ نمبر 36)

کراچی کلفٹن کے قریب رکشے پر فائرنگ سے پانچ افراد شدید زخمی

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے علاقے کلفٹن میں مسلح افراد نے رکشے پر فائرنگ کر کے 5 افراد کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق کراچی کے علاقے کلفٹن، دو تلوار پر لائسنس برانچ کے قریب فائرنگ سے پانچ افراد زخمی ہو گئے (بقیہ نمبر 35)

بلوچستان کابینہ میں بڑے پیمانے پر ردوبدل کا اہم فیصلہ

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان کابینہ میں بڑے پیمانے پر ردوبدل کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے لیے مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی میں اتفاق ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان کابینہ میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ (بقیہ نمبر 34)

دشمن چاہتا کشمیر حالات خراب ہوں، مسائل مذاکرات سے حل کیے جائیں: حافظ نعیم

کشمیر کا معاملہ خوش اسلوبی سے حل کیا جائے اور ایسے حالات پیدا نہ ہوں جن سے دشمن فائدہ اٹھائے

حکومت جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مطالبات پر سنجیدگی سے غور کرے اور فوری بامعنی مذاکرات کا آغاز کرے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ کشمیری پاکستان کے مخالف نہیں، بات چیت کے سے مسائل حل کیے جائیں۔ آزاد کشمیر کی موجودہ صورتحال پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے حکومت سے فوری طور پر بات چیت کا راستہ اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کا معاملہ خوش اسلوبی سے حل کیا جائے، ایسے حالات پیدا نہ ہوں جن سے دشمن کو فائدہ ہو۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ ہمارا دشمن چاہتا ہے کہ کشمیر کے حالات خراب کر کے اپنے لیے راستہ بنائے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حکومت پر زور دو (بقیہ نمبر 33)

سندھ طاس معاہدہ پاکستان کیلیے ناگزیر

عطا تارڑ

سندھ طاس معاہدہ چوبیس کروڑ پاکستانیوں کی زندگی، معیشت اور مستقبل سے جڑا ہے، پانی روکنے کی ہر کوشش کا مؤثر جواب دیا جائے گا

بھارت کی یکطرفہ کارروائیاں سندھ طاس معاہدے کی روح کے منافی ہیں، پاکستان اپنے قانونی آبی حقوق اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر اقدام کرے گا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سندھ طاس معاہدے پر اسلام آباد میں 'سندھ طاس معاہدہ: امن اور علاقائی استحکام کا ایک اہم ذریعہ' کے موضوع پر بین الاقوامی سیمینار جاری ہے۔ سندھ طاس معاہدے کی اہمیت، آبی وسائل کے تحفظ اور علاقائی تعاون سے متعلق بین الاقوامی سیمینار میں وفاقی وزراء، سیاسی رہنما، ماہرین اور متعلقہ حکام شرکت کر رہے ہیں۔ سیمینار کے افتتاحی سیشن سے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے خطاب کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ محض ایک بین الاقوامی معاہدہ نہیں بلکہ پاکستان کے 24 کروڑ عوام کی زندگی، معیشت اور مستقبل سے جڑا معاملہ ہے۔ پاکستان ہر صورت اس تاریخی معاہدے کے تقدس کا تحفظ کرے گا اور اگر ملک کا پانی روکنے کی کوشش کی گئی تو قومی قیادت عوام کا حق بحال کرنے کے لیے مؤثر جواب دینے کے لیے پرعزم ہے۔ اسلام آباد میں 'سندھ طاس معاہدہ (بقیہ نمبر 6)

سندھ طاس معاہدہ ختم کرنا ممکن ہے: مصدق ملک

کسی ایک ملک کو علاقائی اور عالمی امن یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، پانی کو ہتھیار بنانا بند کیا جائے

پانی کی عدم دستیابی سے کسان زراعت چھوڑنے پر مجبور ہیں، پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا بڑا عالمی مسئلہ ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک)) ڈاکٹر مصدق ملک نے "سندھ طاس معاہدہ" کے موضوع پر بین الاقوامی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی عدم دستیابی سے کسان زراعت چھوڑنے پر مجبور ہو رہے ہیں، پانی کی عدم دستیابی سے صرف پاکستانی ہی نہیں بلکہ بنگلہ دیشی لوگ بھی متاثر ہو رہے ہیں، اور دریائے نیل ہو یا فرات ہر جگہ اسی قسم کی کہانیاں ہیں، پاکستان، افریقہ یا بنگلہ دیش ہر جگہ ایک جیسی صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرالہ ہیڈ ورکس (بقیہ نمبر 8)

کراچی کریم آباد پل پر واٹر ٹینکر کا موٹر سائیکل کو حادثہ

حادثے میں زخمی شہری کو عباسی شہید ہسپتال منتقل کر کے ٹینکر تحویل میں لے لیا گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) کریم آباد پل پر تیز رفتار واٹر ٹینکر نے موٹر سائیکل سوار کو کچل ڈالا جبکہ ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے کریم آباد پل پر ایک تیز رفتار واٹر ٹینکر نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا، جس کے نتیجے میں ایک (بقیہ نمبر 7)

غریب باپ بیٹے کی میت بغیر کفن قبرستان لے آیا

پولیس نے انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جیب سے کفن اور تدفین کا انتظام کیا

ملتان (نیوز ڈیسک) غریب اور مجبور باپ کفن کے پیسے نہ ہونے پر جوان بیٹے کی میت ایک چادر میں لپیٹ کر دفنانے کے لیے قبرستان پہنچ گیا۔ ملتان میں ایک دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے، جس نے معاشرے کی بے حسی کو عیاں کر دیا ہے۔ ایک غریب اور مجبور باپ کفن کے پیسے (بقیہ نمبر 9)

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کی پسندیدہ ٹیم ارجنٹائن

میئر کراچی نے نوجوان کھلاڑیوں کے لیے اعزازیہ مقرر کرنے کا اعلان کر دیا

کراچی (نیوز ڈیسک) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے فیفا ورلڈ کپ میں اپنی پسندیدہ ٹیم کے حوالے سے دلچسپ انکشاف کرتے ہوئے کہا کہ برازیل میری پسندیدہ ٹیم تھی لیکن اب میری فیورٹ ٹیم ارجنٹائن ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 10)

آڈٹ رپورٹ میں ممبران پارلیمنٹ کے صوابدیدی فنڈز پر سوالات

کابینہ ڈویژن پس ماندہ علاقوں کے چھتر ارب روپے کی نگرانی کرنے میں ناکام رہی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) آڈٹ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پس ماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے جاری اربوں روپے کی نگرانی نہیں ہو سکی، آڈیٹر جنرل رپورٹ میں ممبران پارلیمنٹ کے صوابدیدی فنڈز میں بے ضابطگیوں پر سوالات اٹھا گئے ہیں۔ آڈیٹر جنرل کی مالی سال (بقیہ نمبر 11)

بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کریک ڈاؤن

ٹریفک پولیس نے شہر کی تمام شاہراہوں پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ العمل کر دی

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) بغیر ہیلمٹ کے سفر کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کی ایک بار پھر شامت آ گئی، سخت کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی میں بغیر ہیلمٹ کے سفر کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف ٹریفک پولیس نے ایک بار پھر سخت کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کے احکامات پر مال روڈ اور پشاور روڈ سمیت شہر کی تمام چھوٹی بڑی شاہراہوں پر 'زیرو ٹالرنس' پالیسی نافذ العمل کر دی گئی (بقیہ نمبر 16)

پنجاب حکومت کا پانچ ہزار الیکٹرک بسیں چلانے کا بڑا اعلان

صوبے کی اکانوے تحصیلوں میں پندرہ سو ماحول دوست بسیں چلائی جائیں گی

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب حکومت نے 5 ہزار الیکٹرک بسیں چلانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پہلے فیز میں پنجاب کی 91 تحصیلوں میں 1500 بسیں چلائی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرِ صدارت ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ کا اہم اجلا (بقیہ نمبر 18)

جامشورو میں کاروکاری کے نام پر خاتون قتل

پولیس نامزد ملزمان کو گرفتار کرنے اور قانون کی گرفت میں لانے میں ناکام رہی

جامشورو (نیوز ڈیسک) جامشورو کے علاقے انڑپور میں ایک افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے جہاں 25 سالہ حاملہ خاتون کو مبینہ طور پر کاروکاری کی بھینٹ چڑھا دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق مقتولہ کی لاش کو تعلقہ اسپتال میں پوسٹ مارٹم کے بعد قانونی کارروائی مکمل کر (بقیہ نمبر 19)

ملک میں سونے کی قیمتوں میں بڑی کمی

فی تولہ سونا چار ہزار ایک سو روپے سستا ہو گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان میں مسلسل اضافے کے بعد سونے کی قیمت بڑی کمی کے بعد 4 لاکھ 24 ہزار 836 روپے کی سطح پر آ گئی۔ تفصیلات کے مطابق عالمی اور مقامی مارکیٹ میں مسلسل اضافے کے بعد سونے کی قیمتوں میں کمی آ گئی، پاکستان میں بھی آج سونے کی قیمت میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق فی تولہ سونا 4 ہزار 100 روپے کمی کے بعد 4 (بقیہ نمبر 23)

پارلیمانی نظام ہی ترقی یافتہ پاکستان کی ضمانت: مریم نواز

پارلیمان محض قانون ساز ادارہ نہیں بلکہ قوم کی سوچ، دانش اور مستقبل کی سمت متعین کرنے والا معتبر ادارہ ہے

مسلم لیگ ن آئین کی بالادستی، جمہوریت کے استحکام اور قائد محمد نواز شریف کی قیادت میں شفاف حکمرانی پر یقین رکھتی ہے

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پارلیمانی نظام کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے تمام جمہوری قوتوں پر مل کر کام کرنے پر زور دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے پارلیمانی نظام کے عالمی دن پر تمام جمہوری قوتوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس دن کا مقصد عوامی حقوق کے تحفظ اور پارلیمانی روایات کی پاسداری کو فروغ دینا ہے۔ پارلیمانی نظام ہی ایک مستحکم، خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی ضمانت ہے، جبکہ پارلیمان کی بالادستی، آئین کی حکمرا (بقیہ نمبر 32)

پی ٹی اے نے موبائل بیلنس خود بخود ختم ہونے سے بچانے کا طریقہ بتا دیا

کراچی (نیوز ڈیسک) اکثر موبائل فون صارفین کو شکایت ہوتی ہے کہ ان کا بیلنس خود بخود ختم ہو جاتا ہے جس کو محفوظ بنانے کے لیے پی ٹی اے نے نئی سروس متعارف کرائی ہے۔ آج تقریباً ہر شخص کے پاس موبائل فون موجود ہے۔ صارفین موبائل کے استعمال کے (بقیہ نمبر 29)

طلبا کو اکیس سو روپے ماہانہ قسط پر ای بائیکس دینے کا فیصلہ

لاہور (نیوز ڈیسک) طلبا کو 2100 روپے ماہانہ قسط پر ای بائیکس دینے کا فیصلہ کر لیا گیا، ہر ای بائیک پر حکومت کی طرف سے 70,000 روپے کی خطیر سبسڈی دی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے کے نوجوان طلبہ اور بالخصوص طالبا (بقیہ نمبر 30)

تھانہ سہالہ میں قیدی وین سے چودہ ملزمان کے فرار کی تفصیلات سامنے آ گئیں

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) تھانہ سہالہ میں قیدی وین سے فرار 14 ملزمان کیخلاف درج مقدمے کی تفصیلات سامنے آ گئیں، جس میں بتایا گیا ملزمان پولیس اہلکاروں کی آنکھوں میں لال مرچیں پھینک کر فرار ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی تھانہ سہالہ کی (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد ہائیکورٹ میں موسم گرما کی تعطیلات کا نیا شیڈول جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ہائیکورٹ میں موسم گرما کی دو ماہ کی تعطیلات کے حوالے سے نیا شیڈول جاری کرتے ہوئے اوقاتِ کار بھی تبدیل کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں موسم گرما کی دو ماہ کی سالانہ تعطیلات کل (یکم جولائی) سے (بقیہ نمبر 28)

نیپرا نے بجلی کی قیمت میں اضافے پر فیصلہ محفوظ کر لیا

سی پی پی اے کی درخواست منظور ہونے پر صارفین پر بارہ ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑے گا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بجلی مہنگی ہو گی یا نہیں نیپرا نے سی پی پی اے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق سی پی پی اے نے بجلی کی قیمت میں 82 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست دی تھی، جس کی سماعت نیپرا نے آج کی، تاہم فیصلہ محفوظ کر لیا ہے۔ نیپرا اتھارٹی اعداد و شمار کا جائزہ لینے کے بعد اس حوالے سے فیصلہ کرے گی۔ اگر نیپرا سی پی پی اے کی درخواست منظور کرتے ہوئے بجلی کی قیمت میں ایک ماہ کے لیے 82 پیسے فی یونٹ اضافہ کرتی ہے تو صارفین پر 12 ارب کا اضافی مالی بوجھ پڑے گا۔ دریں اثنا درخواست کی سماعت کے موقع پر سی پی پی اے (بقیہ نمبر 27)

قطر میں منجمد اثاثوں میں سے 6 ارب ڈالر جلد مل جائینگے: مسعود پزشکیان

امریکا کے ساتھ عبوری معاہدے کے بعد قطر میں منجمد ایرانی فنڈز کی واپسی کا عمل جلد شروع ہو جائے گا

بعض اندرونی اور بیرونی عناصر ملک کی قومی ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے اور معاہدے کو متاثر کرنے کی کوشش کر رہے

تہران (بیورو رپورٹ) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ قطر میں منجمد اس کے 12 ارب ڈالر کے اثاثوں میں سے 6 ارب ڈالر جلد جاری کر دیئے جائیں گے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ ہونے والے عبوری معاہدے کے بعد تیل اور پیٹرو کیمیکل شعبے پر عائد بعض پابندیوں میں نرمی آئی ہے، جس کے نتیجے میں ان منجمد فنڈز کی واپسی ممکن ہو سکے گی۔ صدر پزشکیان نے (بقیہ نمبر 25)

پنجاب حکومت نے نوجوانوں کے لیے جوونائل ڈرائیونگ پرمٹ کا آغاز کر دیا

لاہور (نیوز ڈیسک) 18 سال سے کم عمر نوجوانوں کے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ اب وہ بھی سڑکوں پر 125 سی سی موٹر سائیکل چلا سکیں گے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق پنجاب حکومت نے 16 سے 18 سال کی عمر کے نوجوانوں کیلیے جوونائل ڈرائیونگ پرمٹ کا آغاز کیا ہے۔ اس پرمٹ کے تحت اب 16 سے 18 سال کے نوجوانوں کو قانونی طور پر 125 سی سی تک موٹر سائیکل یا اسکوٹی چلانے کی اجازت ہو گی۔ اہم شرط کیا ہے؟ نوجوان مطلوبہ د (بقیہ نمبر 26)

وزیر داخلہ محسن نقوی اہم ملاقاتوں کے لیے سعودی عرب پہنچ گئے

ملاقات میں مشترکہ سیکیورٹی تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سعودی عرب پہنچ گئے، جہاں وہ اہم شخصیات سے ملاقاتیں کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی مشرقِ وسطیٰ (بقیہ نمبر 24)

انسانی اعضا اسمگلنگ کیس میں ایف آئی اے کے ہولناک انکشافات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ڈائریکٹر ایف آئی اے شہزاد ندیم نے انسانی اعضا ملنے سے متعلق کیس کے حوالے انکشافات کرتے ہوئے کہا انسانی پلیسینٹا سے کوسمیٹک شاٹ اور جلد کی گولیاں بنائی جاتی تھیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے شہزاد ندیم نے میڈیا (بقیہ نمبر 12)

ایران سے سستے پٹرول اور گیس کی قانونی درآمد پر بات چیت شروع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) امریکی پابندیوں کے جزوی خاتمے کے بعد پاکستان بھی ایران سے پٹرول اور گیس کی درآمد پر بات چیت کر رہا ہے۔ امریکا کی جانب سے ایران پر پابندیوں کے جزوی خاتمے کے بعد پاکستان کے ایران سے سستا تیل اور گیس درآمد کرنے (بقیہ نمبر 13)

چلاس اور گردونواح میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ چھیانوے گھنٹوں تک جا پہنچی

چلاس (نیوز ڈیسک) شہر اور گردونواح میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 96 گھنٹوں تک جا پہنچا، جس سے شہری شدید ترین پریشانی اور اذیت کا شکار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈویژنل و ضلعی ہیڈ کوارٹر چلاس اور اس کے گردونواح میں غیر اعلانیہ بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ (بقیہ نمبر 14)

حکومت کا پیٹرولیم قیمتوں میں استحکام کے لیے بڑا اقدام

وزارت خزانہ نے ملک میں پیٹرولیم پرائسز اسٹیبلائزیشن فنڈ قائم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں شدید اتار چڑھاؤ سے نمٹنے اور ان میں استحکام لانے کے لیے ایک بڑا اقدام کرتے ہوئے "پیٹرولیم پرائسز اسٹیبلائزیشن فنڈ" قائم کر دیا ہے، جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ وزارتِ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق اس فنڈ کے لیے ایک مخصوص سرکاری اکاؤنٹ مختص کر دیا گیا ہے، اور اس حوالے سے تمام متعلقہ اداروں کو باضابطہ طور پر آگاہ کر دیا گیا ہے۔ وزارتِ خزانہ نے آڈیٹر جنرل پاکستان، کنٹرولر جنرل اکاؤنٹس، اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان ریونیو کے (بقیہ نمبر 17)

خیبر پختونخوا حکومت نے ملازمین کے لیے ورک فرام ہوم ختم کر دیا

پشاور (نیوز ڈیسک): خیبر پختونخوا حکومت نے جمعہ کے روز سرکاری ملازمین کے لیے 100 فی صد ورک فرام ہوم کی سہولت ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق انتظامیہ نے ورک فرام ہوم سے متعلق 17 مارچ کو جاری کیا گیا نوٹیفکیشن واپس لے لیا ہے۔ (بقیہ نمبر 15)

سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جا سکتا: وفاقی وزراء

سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ معطل نہیں کیا جا سکتا کیونکہ یہ دو ممالک کے درمیان طے شدہ بین الاقوامی قانون ہے

ملکی معیشت اور لاکھوں کسانوں کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے اس لیے پانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

اسلام آباد (خبرنگار) وفاقی حکومت نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کا موقف عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے اور بین الاقوامی برادری نے اس معاہدے کی قانونی حیثیت کو سلیم کرتے ہوئے پاکستان کے موقف کو مزید تقویت بخشی ہے، مودی پاکستان کے خلاف آبی دہشت گردی کرنا چاہتے ہیں، تاہم پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدام کرے گا، پانی پاکستان کی بقا کا معاملہ، کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا کا (بقیہ نمبر 20)

کراچی کے ہونہار نوجوان نے گیس بحران کا سستا حل نکال لیا

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی میں جاری گیس کے شدید بحران اور گھنٹوں لوڈشیڈنگ نے جہاں شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، وہی شہر کے ایک ہونہار نوجوان مصطفیٰ سراج نے اس کا ایک بہترین اور سستا عملی حل نکال لیا ہے۔ مصطفیٰ سراج نے بائیو گیس ٹیکنالوجی کی مدد سے قدرتی گیس کی قلت کا توڑ تلاش کر لیا ہے، جس کے بعد اب گیس نہ ہونے کی صورت میں بھی شہریوں کا چولہا مسلسل جلتا رہے گا۔ اس جدید اور ماحول دوست بائیو گیس سسٹم کی خاص با (بقیہ نمبر 21)

پی ٹی اے کی واٹس ایپ صارفین کے لیے اہم ایڈوائزری

غیر فعال سموں پر چلنے والے واٹس ایپ اکاؤنٹس کسی بھی وقت بند ہو سکتے ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے واٹس ایپ صارفین کے لیے اہم ایڈوائزری جاری کر دی، جس میں واٹس ایپ اکاؤنٹ بند ہونے سے متعلق خبردار کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے ملک بھر میں واٹس ایپ استعمال کرنے والے صارفین کے لیے ایک انتہائی اہم ایڈوائزری جاری کی، جو خاص طور پر ان اکاؤنٹس کو متاثر کر سکتی ہے جو غیر فعال یا غیر رجسٹرڈ سم کارڈز پر چل رہے ہیں۔ پی ٹی اے حکام نے کہا کہ اگر آپ کا واٹس ایپ اکاؤنٹ کسی ایسی سم پر بنا ہوا ہے، جو بلاک یا ڈی ایکٹیویٹ ہو چکی ہے، تو آپ کسی بھی وقت اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹ، چیٹس اور رابطوں تک رسائی سے محروم ہو سکتے ہیں۔ اتھارٹی نے صارفین کو خبردار کیا ہے کہ وہ اپنے واٹس ایپ اکاؤنٹ سے اچانک لاگ آؤٹ ہونے سے پہلے فوری طور پر ضروری اقدامات اٹھائیں۔ پی ٹی اے نے صارفین کی ڈیجیٹل سیکیورٹی کے لیے ہدایا (بقیہ نمبر 22)

پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول بطور کالم نگار



معروف محقق، نقاد، مبصر و تجزیہ کار سید محمد اصغر کاظمی دنیائے ادب میں اپنی علمی و ادبی خدمات کی بنا پر منفرد مقام رکھتے ہیں۔ کاظمی صاحب بلاشبہ حسرت شناسی کا معتبر حوالہ ہیں۔ راقم کی "ہم سخن ساز" کے حوالے سے کالم نگاری پر سید محمد اصغر کاظمی نے اپنا وقیع اور پرتاثیر تبصرہ حرف اول کے قارئین کے لیے پیش کیا ہے، جسے راقم کاظمی صاحب کے خصوصی شکریہ کے ساتھ پیش کیا جارہا ہے، ملاحظہ فرمائیں:

اردو کالم نگاری کی دنیا میں بعض شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کا قلم محض حالاتِ حاضرہ کا ترجمان نہیں بنتا بلکہ فکر و دانش، تہذیب و ثقافت اور علم و آگہی کا ایسا سرچشمہ بن جاتا ہے جس سے قاری کی ذہنی و فکری تشنگی سیراب ہوتی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کا شمار انہی ممتاز اور صاحبِ بصیرت قلم کاروں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی علمی وجاہت، فکری گہرائی، ادبی بصیرت اور وسیع المطالعگی کے بل بوتے پر کالم نگاری کو ایک منفرد وقار عطا کیا ہے۔ ان کی تحریریں محض الفاظ کی ترتیب نہیں بلکہ شعور و آگہی کی ایسی تابندہ کرنیں ہیں جو قاری کے ذہن و دل کو بیک وقت منور کرتی ہیں۔ ڈاکٹر محمد نواز کنول جب کسی موضوع پر قلم اٹھاتے ہیں تو اس سے قبل اس کے تمام ظاہری اور باطنی پہلوؤں کا نہایت عمیق مطالعہ کرتے ہیں۔ ان کی فکری دیانت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ کسی بھی مسئلے پر جلد بازی یا سطحی مشاہدے کی بنیاد پر اظہارِ خیال نہیں کرتے بلکہ موضوع کے تاریخی پس منظر، تہذیبی جہات، سماجی اثرات، فکری مضمرات اور نفسیاتی محرکات کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے کالم وقتی ردِعمل کا اظہار نہیں بلکہ سنجیدہ فکری مکالمے کی حیثیت اختیار کر لیتے ہیں۔ ان کی تحریروں میں استدلال کی مضبوطی، فکر کی پختگی اور تجزیے کی گہرائی قاری کو اپنی گرفت میں لے لیتی ہے۔ ان کی ادبی بصیرت ان کی شخصیت کا وہ درخشاں پہلو ہے جو ان کی کالم نگاری کو ایک خاص امتیاز عطا کرتا ہے۔ وہ ادب کو محض الفاظ کی آرائش یا جذبات کے اظہار کا وسیلہ نہیں سمجھتے بلکہ انسانی شعور کی تعمیر، تہذیبی اقدار کے استحکام اور فکری ارتقا کا مؤثر ذریعہ تصور کرتے ہیں۔ اسی لیے ان کے کالموں میں ادب، فلسفہ، تاریخ، سماجیات اور اخلاقیات کے عناصر ایک دل آویز ہم آہنگی کے ساتھ جلوہ گر نظر آتے ہیں۔ ان کے ہاں علم اور ادب کا ایسا حسین امتزاج دکھائی دیتا ہے جو قاری کو بیک وقت لطفِ مطالعہ بھی عطا کرتا ہے اور فکری غذا بھی فراہم کرتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی تحریروں کا ایک اہم وصف ان کی غیر معمولی ادبی لطافت اور فکری تہہ داری ہے۔ وہ الفاظ کو محض استعمال نہیں کرتے بلکہ ان سے معانی کے نئے جہان آباد کرتے ہیں۔ ان کی نثر میں شائستگی کا وقار، تہذیب کی لطافت، فکر کی رفعت اور اظہار کی دلکشی اس انداز سے یکجا ہو جاتی ہے کہ قاری خود کو ایک ایسے ادبی ماحول میں محسوس کرتا ہے جہاں زبان اپنی تمام تر جمالیاتی توانائیوں کے ساتھ جلوہ افروز ہوتی ہے۔ ان کے جملے محض معلومات منتقل نہیں کرتے بلکہ احساس و ادراک کی نئی راہیں بھی وا کرتے ہیں۔ کتابوں پر ان کے تبصرے اور تنقیدی مضامین بھی ان کے عمیق مطالعے اور غیر معمولی ادبی شعور کے مظہر ہیں۔ وہ کسی تصنیف کا جائزہ لیتے ہیں تو صرف اس کے ظاہری محاسن تک محدود نہیں رہتے بلکہ متن کے فکری اور جمالیاتی ابعاد کو بھی نہایت باریک بینی سے آشکار کرتے ہیں۔ ان کی تنقیدی نگاہ مصنف کے تخلیقی محرکات، اسلوبیاتی خصوصیات اور فکری جہات تک رسائی حاصل کر لیتی ہے۔ یوں ان کے تبصرے محض تعارفی نوٹ نہیں رہتے بلکہ ادب فہمی اور ادب شناسی کا ایک معتبر نمونہ بن جاتے ہیں۔ ان کے تجزیوں میں اعتدال، دیانت اور علمی وقار نمایاں طور پر دکھائی دیتا ہے، یہی وجہ ہے کہ ان کی آرا کو ادبی حلقوں میں احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ان کا اندازِ گفتگو بھی ان کی تحریروں کی طرح دل نشین، شائستہ اور اثر آفریں ہے۔ وہ جب کسی علمی یا ادبی نشست میں اظہارِ خیال کرتے ہیں تو ان کے الفاظ میں مطالعے کی وسعت، تجربے کی پختگی اور تہذیبی شعور کی خوشبو محسوس ہوتی ہے۔ ان کی گفتگو میں نہ خطیبانہ شور ہے اور نہ علم کی نمائش؛ بلکہ ایک سلجھے ہوئے دانشور کی متوازن فکر اور ایک باوقار ادیب کی شائستگی جلوہ گر ہوتی ہے۔ ان کی مجلس میں ادب محض موضوعِ گفتگو نہیں رہتا بلکہ ایک زندہ تجربہ بن جاتا ہے جو سامع کے ذہن پر دیرپا نقوش ثبت کر دیتا ہے۔ ڈاکٹر محمد نواز کنول کی کالم نگاری کی ایک اور نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تعصب، تنگ نظری اور فکری جمود کا شائبہ تک نہیں ملتا۔ وہ اختلاف کو اختلاف ہی کی حدود میں رکھتے ہیں اور ہر مسئلے کو وسعتِ قلب اور کشادہ نظری کے ساتھ دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے ہاں دلیل کی قوت جذبات کے غلبے پر حاوی نظر آتی ہے اور فکری توازن ہر مقام پر برقرار رہتا ہے۔ یہی اعتدال اور وسعتِ نظر ان کے کالموں کو ایک خاص وقار عطا کرتی ہے۔ ان کے قلم کی جولانی کا سب سے بڑا اعجاز یہ ہے کہ وہ قاری کو محض واقعات سے آگاہ نہیں کرتے بلکہ اسے غور و فکر، تدبر و تعقل اور خود احتسابی کی دعوت بھی دیتے ہیں۔ ان کی تحریریں شعور کی آبیاری کرتی ہیں، فکر کو جلا بخشتی ہیں اور انسانی اقدار کے احترام کا درس دیتی ہیں۔ ان کے کالموں میں علمی سنجیدگی، ادبی شگفتگی، فکری متانت، اخلاقی بالیدگی اور تہذیبی شعور اس حسنِ امتزاج کے ساتھ موجود ہیں کہ قاری ایک ہی وقت میں علم کی روشنی، ادب کی لطافت اور فکر کی گہرائی سے فیض یاب ہوتا ہے۔ عصرِ حاضر میں جب کالم نگاری کا ایک بڑا حصہ عجلت پسندی، سطحیت اور جذباتی ہیجان کا شکار دکھائی دیتا ہے، پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کا قلم سنجیدہ فکر، علمی دیانت، ادبی وقار اور تہذیبی شائستگی کی ایک روشن علامت کے طور پر سامنے آتا ہے۔ ان کی تحریریں نہ صرف اپنے عہد کی فکری دستاویزات ہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے علم و ادب، شعور و آگہی اور تہذیبی بصیرت کا قیمتی سرمایہ بھی ہیں۔ بلاشبہ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول ان معدودے چند کالم نگاروں میں شامل ہیں جنہوں نے قلم کو محض اظہار کا ذریعہ نہیں بنایا بلکہ اسے علم، فکر، ادب اور انسان دوستی کے فروغ کا ایک مؤثر وسیلہ بنا کر اردو کالم نگاری کی روایت میں اپنا ایک منفرد اور قابلِ احترام مقام مستحکم کیا ہے۔

سفارت کاری کے سرخ قالین اور عالمی سیاست کے کانٹے

رائے شماری
پروفیسر رائے غلام رسول نیم کمرل
03041648400
ghulamrasoolfaheem62@gmail.com

کبھی زمانہ تھا جب عالمی سیاست میں جنگی جہازوں کی گھن گرج اور میزائلوں کی دھمک طاقت کا اظہار سمجھی جاتی تھی، مگر آج ایک سفارتی استقبال، ایک سرخ قالین اور چند جملوں پر مشتمل سوشل میڈیا پوسٹ بھی بین الاقوامی تعلقات میں ہلچل مچا دیتی ہے۔ جنوبی افریقہ میں ایرانی وزیر کے استقبال پر امریکی اعتراض اور اس کے جواب میں چین و ایران کا ردِعمل محض سفارتی نوک جھونک نہیں بلکہ اس بدلتی ہوئی دنیا کی کہانی ہے جہاں اب چھوٹے اور درمیانے درجے کے ممالک بڑی طاقتوں کی مرضی کے مطابق نہیں بلکہ اپنے قومی مفادات کے مطابق راستے چننے لگے ہیں۔ یہی تبدیلی عالمی سیاست کے ایوانوں میں بے چینی پیدا کر رہی ہے اور یہی اس تنازعے کی اصل بنیاد بھی ہے۔ امریکہ نے جنوبی افریقہ کی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے یہ سوال اٹھایا کہ پریٹوریا آخر کن قوتوں کے ساتھ کھڑا ہونا چاہتا ہے۔ امریکی سفارت خانے کی جانب سے سوشل میڈیا پر دیا گیا بیان دراصل واشنگٹن کی اس بڑھتی ہوئی تشویش کی عکاسی کرتا ہے کہ دنیا کے کئی ممالک اب مغربی اثر و رسوخ کے دائرے سے نکل کر چین، روس اور ایران جیسے ممالک کے ساتھ بھی تعلقات کو وسعت دے رہے ہیں۔ امریکی پالیسی سازوں کے نزدیک یہ رجحان صرف سفارتی تعلقات کا معاملہ نہیں بلکہ عالمی طاقت کے توازن میں تبدیلی کا اشارہ ہے۔ چین کا ردِعمل نہایت محتاط مگر معنی خیز تھا۔ جنوبی افریقہ میں چین کے سفیر وو پینگ نے واضح کیا کہ بیجنگ دوسرے ممالک کے باہمی تعلقات پر تبصرہ نہیں کرتا اور اسی احترام کی توقع رکھتا ہے۔ بظاہر یہ ایک سادہ سفارتی جواب ہے، لیکن اس کے اندر ایک واضح پیغام پوشیدہ ہے۔ چین گزشتہ دو دہائیوں سے خود کو ایک ایسے شراکت دار کے طور پر پیش کر رہا ہے جو دوسرے ممالک کے داخلی اور خارجی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا۔ یہی وہ پالیسی ہے جس نے افریقہ، ایشیا اور لاطینی امریکہ کے متعدد ممالک کو چین کے قریب کیا ہے۔ اگرچہ ناقدین اسے محض ایک سفارتی نعرہ قرار دیتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ بہت سے ترقی پذیر ممالک مغربی دباؤ کے مقابلے میں اس رویے کو زیادہ قابل قبول سمجھتے ہیں۔ ایران کا ردِعمل بھی کم دلچسپ نہیں تھا۔ ایرانی سفارت خانے نے مختصر مگر معنی خیز انداز میں چینی مؤقف کی تائید کرتے ہوئے "ویل سیڈ" یعنی درست کہا" کے الفاظ استعمال کیے۔ یہ مختصر جملہ دراصل ایک وسیع تر سفارتی صف بندی کی علامت ہے۔ ایران، جو برسوں سے امریکی پابندیوں اور دباؤ کا سامنا کر رہا ہے، عالمی سطح پر ایسے شراکت داروں کی تلاش میں ہے جو امریکی پالیسیوں سے اختلاف رکھتے ہوں یا کم از کم ان سے مکمل طور پر متفق نہ ہوں۔ اس پورے معاملے کا ایک اہم پہلو جنوبی افریقہ کی حیثیت بھی ہے۔ جنوبی افریقہ محض ایک افریقی ملک نہیں بلکہ برکس (BRICS) کا اہم رکن ہے۔ برکس کی توسیع اور اس کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ نے مغربی دنیا خصوصاً امریکہ کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ آیا مستقبل میں عالمی معیشت اور سیاست صرف مغربی اداروں کے گرد ہی گھومتی رہے گی یا نہیں۔ جنوبی افریقہ کی خارجہ پالیسی گزشتہ چند برسوں میں نسبتاً آزادانہ رہی ہے۔ اس نے چین کے ساتھ معاشی تعاون کو فروغ دیا، روس کے ساتھ بھی روابط برقرار رکھے اور ایران کے ساتھ تعلقات میں بھی گرمجوشی دکھائی۔ یہی عوامل واشنگٹن کی بے چینی میں اضافہ کرتے ہیں۔ تنقیدی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو امریکہ کے بیان میں ایک بنیادی تضاد بھی موجود ہے۔ امریکہ خود دنیا بھر میں ممالک کے ساتھ اپنے تعلقات کو قومی مفاد کا حصہ قرار دیتا ہے، لیکن جب کوئی دوسرا ملک اپنی ترجیحات کے مطابق سفارتی فیصلے کرتا ہے تو اس پر سوالات اٹھائے جاتے ہیں۔ یہ رویہ عالمی سیاست میں دوہرے معیار کے تاثر کو تقویت دیتا ہے۔ اگر خود مختاری بین الاقوامی نظام کا بنیادی اصول ہے تو پھر ہر ملک کو یہ حق حاصل ہونا چاہیے کہ وہ اپنی خارجہ پالیسی اپنے مفادات کے مطابق ترتیب دے۔ تاہم دوسری جانب جنوبی افریقہ، ایران اور چین کے حامیوں کو بھی یہ حقیقت نظر انداز نہیں کرنی چاہیے کہ بین الاقوامی تعلقات محض اصولوں پر نہیں بلکہ مفادات پر استوار ہوتے ہیں۔ چین کی افریقہ میں سرمایہ کاری، ایران کی سفارتی سرگرمیاں اور روس و چین کی برکس کے ذریعے سرگرمیاں بھی اپنے اپنے قومی اور تزویراتی مفادات سے جڑی ہوئی ہیں۔ اس لیے یہ تصور کرنا کہ ایک فریق مکمل طور پر اصول پسند اور دوسرا مکمل طور پر مفاد پرست ہے، حقیقت سے دور ہوگا۔ افریقہ آج عالمی طاقتوں کی نئی کشمکش کا اہم میدان بنتا جا رہا ہے۔ ایک طرف امریکہ اور یورپی ممالک اپنے اثر و رسوخ کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں، دوسری طرف چین سرمایہ کاری، تجارت اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے ذریعے اپنی موجودگی مضبوط کر رہا ہے۔ ایران بھی سیاسی اور سفارتی سطح پر اپنے روابط کو وسعت دینے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایسے میں جنوبی افریقہ جیسے ممالک کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے کیونکہ وہ صرف علاقائی طاقت ہی نہیں بلکہ عالمی سفارتی بساط کے اہم مہرے بھی بن چکے ہیں۔ یہ واقعہ اس حقیقت کو بھی نمایاں کرتا ہے کہ موجودہ دنیا سرد جنگ کے دور جیسی نہیں رہی۔ اب ممالک کو صرف ایک کیمپ کا حصہ بن کر رہنے کی ضرورت نہیں۔ بہت سی ریاستیں ملٹی الائنمنٹ" یعنی بیک وقت مختلف طاقتوں کے ساتھ تعلقات رکھنے کی حکمت عملی اختیار کر رہی ہیں۔ بھارت، سعودی عرب، ترکی، برازیل اور جنوبی افریقہ سمیت کئی ممالک اسی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ وہ امریکہ کے ساتھ بھی تعلقات رکھتے ہیں اور چین، روس یا ایران کے ساتھ بھی روابط قائم رکھتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ عالمی سیاست میں اصل سوال یہ نہیں کہ جنوبی افریقہ کس کے ساتھ کھڑا ہے، بلکہ یہ ہے کہ کیا اکیسویں صدی کی دنیا میں کسی ملک کو صرف ایک طاقت کے ساتھ کھڑے ہونے پر مجبور کیا جا سکتا ہے؟ بدلتے ہوئے عالمی حالات اس سوال کا جواب نفی میں دیتے ہیں۔ آج کے دور میں طاقت صرف عسکری قوت کا نام نہیں بلکہ معاشی روابط، تجارتی شراکت داری، سفارتی لچک اور علاقائی اثر و رسوخ بھی اس کا حصہ ہیں۔ جنوبی افریقہ، چین، ایران اور امریکہ کے درمیان حالیہ سفارتی تنازع دراصل ایک بڑے عالمی منظرنامے کا چھوٹا سا عکس ہے۔ یہ واقعہ بتاتا ہے کہ دنیا تیزی سے یک قطبی نظام سے نکل کر ایک ایسے دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں کئی طاقتیں بیک وقت اثر انداز ہوں گی۔ ایسے ماحول میں دباؤ کی سیاست شاید پہلے جیسی مؤثر نہ رہے، جبکہ باہمی احترام، برابری اور خودمختاری کے اصول عالمی تعلقات کی نئی ضرورت بنتے جا رہے ہیں۔ سوال یہ نہیں کہ سرخ قالین کس کے لیے بچھایا گیا، اصل سوال یہ ہے کہ مستقبل کی دنیا میں سفارتی راستوں کا تعین کون کرے گا: طاقت یا خودمختاری؟ یہی وہ بحث ہے جو آنے والے برسوں میں عالمی سیاست کا مرکزی موضوع بن سکتی ہے۔

بھارتی لونگووال

تحریروں کی نگری
میاں کلیم جہانگیر
kaleemjahangir01@gmail.com

پنجاب کی سرزمین ہمیشہ سے اپنے زرخیز کھیتوں، محنتی لوگوں اور قدیم دیہی تہذیب کی وجہ سے پہچانی جاتی رہی ہے۔ ضلع گرداسپور کی تحصیل بٹالہ میں واقع لونگووال بھی انہی بستیوں میں سے ایک ہے جو اپنے حجم کے اعتبار سے اگرچہ ایک نسبتاً چھوٹا گاؤں ہے، لیکن اپنے اندر پنجاب کی دیہی زندگی کی پوری تصویر سموئے ہوئے ہے۔ بٹالہ شہر سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر واقع یہ گاؤں جدید دور کی تبدیلیوں اور روایتی دیہی اقدار کے درمیان ایک خوبصورت توازن کی مثال پیش کرتا ہے۔ جب کسی مسافر کی نظر پہلی بار لونگووال کے کھیتوں، درختوں اور کچی پکی گلیوں پر پڑتی ہے تو اسے محسوس ہوتا ہے کہ پنجاب کی اصل روح ابھی تک دیہات میں زندہ ہے۔ یہاں کی صبح سورج کی پہلی کرن کے ساتھ جاگتی ہے۔ کسان اپنے کھیتوں کا رخ کرتے ہیں، مویشیوں کی دیکھ بھال ہوتی ہے اور گھروں کے صحنوں میں روزمرہ زندگی کا آغاز ہو جاتا ہے۔ گندم، دھان اور دیگر فصلیں یہاں کی معیشت کی بنیاد ہیں اور زیادہ تر خاندانوں کا روزگار براہ راست یا بالواسطہ زراعت سے وابستہ ہے۔ لونگووال کی ایک اہم خصوصیت اس کا جغرافیائی محلِ وقوع ہے۔ بٹالہ شہر کی قربت نے اس گاؤں کو شہری سہولتوں سے نسبتاً علاقوں کو تعلیمی سہولتوں کی کمی کا سامنا تھا، لیکن آج والدین اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کے لیے پہلے سے زیادہ سنجیدہ ہیں۔ نوجوان نسل اعلیٰ تعلیم اور بہتر روزگار کے خواب دیکھ رہی ہے۔ بہت سے خاندانوں کے افراد بیرونِ ملک بھی مقیم ہیں جن کی کامیابیاں گاؤں کے دوسرے نوجوانوں کے لیے تحریک کا باعث بنتی ہیں۔ لونگووال کی ثقافتی زندگی پنجاب کی روایات سے بھرپور ہے۔ بیساکھی، لوہڑی اور دیگر تہوار پورے جوش و خروش سے منائے جاتے ہیں۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں روایتی پنجابی موسیقی، لوک گیت اور مہمان نوازی کی جھلک نمایاں ہوتی ہے۔ بزرگ آج بھی پرانی روایات اور قصے کہانیوں کو زندہ رکھے ہوئے ہیں جبکہ نوجوان جدید دور کے تقاضوں کے مطابق آگے بڑھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دیہی علاقوں کو درپیش مسائل لونگووال میں بھی موجود ہیں۔ زراعت کی بڑھتی لاگت، پانی کے وسائل پر دباؤ، نوجوانوں کی روزگار کے لیے ہجرت اور جدید انفراسٹرکچر کی ضرورت ایسے چیلنجز ہیں جن کا سامنا گاؤں کے لوگ کر رہے ہیں۔ اس کے باوجود یہاں کے باشندوں میں امید اور محنت کا جذبہ موجود ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ ترقی کا راستہ مسلسل جدوجہد اور تعلیم سے ہو کر گزرتا ہے۔ آج جب دنیا تیزی سے شہری زندگی کی طرف بڑھ رہی ہے، ایسے میں لونگووال جیسے گاؤں ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ قوموں کی اصل بنیاد ان کے دیہی علاقے ہوتے ہیں۔ یہیں سے خوراک پیدا ہوتی ہے، یہیں سے محنت اور خودداری کے سبق ملتے ہیں اور یہیں سے ثقافتی شناخت کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں۔ لونگووال صرف ایک جغرافیائی مقام نہیں بلکہ پنجاب کی دیہی روح کا ایک زندہ استعارہ ہے۔ اس گاؤں کی خاموش گلیاں، سرسبز کھیت، سادہ مزاج لوگ اور ترقی کی خواہش ایک ایسی داستان سناتے ہیں جو پورے خطے کی مشترکہ کہانی ہے۔ اگر مناسب توجہ، بہتر تعلیمی مواقع اور جدید سہولتیں فراہم کی جائیں تو لونگووال آنے والے برسوں میں نہ صرف ایک ترقی یافتہ گاؤں بن سکتا ہے بلکہ دیہی پنجاب کے روشن مستقبل کی ایک مثال بھی ثابت ہو سکتا ہے۔ اس کالم میں لونگووال، تحصیل بٹالہ، ضلع گرداسپور کے محلِ وقوع، آبادی اور انتظامی معلومات دستیاب مردم شماری و دیہی ریکارڈز کی بنیاد پر شامل کی گئی ہیں۔

نورِ مبین



میڈیا کی ذمہ داری اور مذہبی مقدسات کا احترام قرآن و حدیث کی روشنی میں ایک اصلاحی اور تحقیقی مضمون: خواجہ محمد طیب مبین معصومی نقشبندی مجددی سجادہ نشین مصطفیٰ آباد شریف

اسلام ایک ایسا دین ہے جو عقائد، شعائر اور مقدس ہستیوں کے احترام کو ایمان کا حصہ قرار دیتا ہے۔ مسلمانوں کے دلوں میں انبیائے کرام علیہم السلام، اہلِ بیت اطہار، صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور دین کے تمام شعائر کے لیے بے پناہ محبت اور عقیدت پائی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی کسی میڈیا ادارے، فرد یا تنظیم کی طرف سے مذہبی معاملات میں بے احتیاطی، غیر ذمہ داری یا ایسے مناظر نشر کیے جاتے ہیں جو مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کریں تو پوری امت میں غم و غصہ اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ترجمہ: "جو اللہ کی نشانیوں اور شعائر کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کے تقویٰ میں سے ہے۔" یہ آیت واضح کرتی ہے کہ دینی شعائر اور مقدسات کا احترام محض ایک اخلاقی تقاضا نہیں بلکہ ایمان اور تقویٰ کی علامت ہے۔ لہٰذا جو ادارے عوام تک معلومات اور نظریات پہنچانے کی ذمہ داری رکھتے ہیں، ان پر لازم ہے کہ وہ مذہبی معاملات میں انتہائی احتیاط، تحقیق اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ قرآنِ کریم کا ایک بنیادی اصول یہ بھی ہے: ترجمہ: "اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی خبر لانے والا آئے تو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو۔" اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ خبر رسانی، معلومات کی اشاعت اور حساس معاملات کی پیش کش میں تحقیق اور احتیاط لازم ہے۔ میڈیا کی طرف سے ایسی چیزوں کی نشر و اشاعت جو مذہبی حساسیت رکھتی ہوں، ان کے بارے میں مزید ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ان کی شرعی اور اخلاقی جانچ کی جائے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (صحیح بخاری) ترجمہ: "مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔" جب ایک فرد کو دوسروں کے جذبات مجروح کرنے سے منع کیا گیا ہے تو وہ ادارے جو کروڑوں لوگوں تک رسائی رکھتے ہیں، ان پر یہ حکم بدرجۂ اولیٰ لاگو ہوتا ہے۔ اسی طرح نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ترجمہ: "تم میں سے ہر شخص نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔" میڈیا کے مالکان، منتظمین، پروڈیوسرز، اینکرز اور متعلقہ ذمہ داران سب اپنی اپنی ذمہ داری کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حضور جواب دہ ہیں۔ اگر کسی پروگرام، منظر یا بیان سے امت کے جذبات مجروح ہوتے ہیں تو محض "غلطی ہوگئی" کہہ دینا کافی نہیں بلکہ اس پر سنجیدہ احتساب، معذرت اور آئندہ کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ ایک سنجیدہ میڈیا نیوز کا یہ واقعہ صرف ایک چینل یا ایک پروگرام کی غلطی نہیں بلکہ پورے میڈیا، حکومتی اداروں اور معاشرے کے لیے ایک لمحۂ فکریہ ہے۔ جو لوگ قوم کی فکری اور دینی رہنمائی کا ذریعہ بنتے ہیں، ان کی ایک معمولی سی بے احتیاطی بھی لاکھوں مسلمانوں کے دلوں کو زخمی کر سکتی ہے۔ دنیا کی عدالتوں سے بچ جانا ممکن ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی عدالت سے بچنا ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ترجمہ: "انسان جو بات بھی زبان سے نکالتا ہے، اس کے پاس ایک نگہبان اسے لکھنے کے لیے موجود ہوتا ہے۔" جب ایک لفظ اور ایک جملہ اللہ تعالیٰ کے ہاں محفوظ ہو جاتا ہے تو پھر کروڑوں لوگوں تک نشر ہونے والے پروگراموں اور مناظر کی جواب دہی کتنی سخت ہوگی، اس کا اندازہ ہر صاحبِ ایمان کر سکتا ہے۔ میڈیا اور حکومتی اداروں کی ذمہ داریاں میڈیا اداروں کو سمجھ لینا چاہیے کہ اظہارِ رائے کی آزادی کا مطلب مذہبی حساسیت سے بے نیازی نہیں۔ ریٹنگ، شہرت اور تجارتی مفادات کبھی بھی دینی شعائر کے احترام سے زیادہ اہم نہیں ہو سکتے۔ جو ادارے عوام کی فکر اور نظریات پر اثر انداز ہوتے ہیں، ان پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مذہبی موضوعات پر مستند علماء سے رہنمائی لیں اور کسی بھی ایسے مواد کی اشاعت سے گریز کریں جو فتنے، انتشار اور دل آزاری کا سبب بنے۔ اسی طرح حکومتی اداروں، پیمرا اور دیگر متعلقہ اداروں پر بھی یہ شرعی، اخلاقی اور آئینی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ایسے معاملات میں صرف وقتی کارروائی پر اکتفا نہ کریں بلکہ مستقل اور مؤثر پالیسی مرتب کریں، ماہرِ علماء پر مشتمل مشاورتی بورڈ قائم کریں اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے سخت نگرانی کا نظام نافذ کریں۔ تاہم اسلام ہمیں غصے اور جذبات میں بھی عدل و انصاف کا دامن ہاتھ سے چھوڑنے کی اجازت نہیں دیتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ترجمہ: کسی قوم کی دشمنی تمہیں انصاف چھوڑنے پر آمادہ نہ کرے، انصاف کرو، یہی تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔" لہٰذا اگر کسی ادارے سے کوتاہی ہوئی ہے تو اس کی قانونی اور اخلاقی جواب دہی ضرور ہونی چاہیے، لیکن فیصلے جذبات کے بجائے حقائق، انصاف اور قانون کے مطابق ہونے چاہئیں۔ اختتامی پیغام سب کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ دین اور مقدسات کے احترام کے معاملے میں غفلت پورے معاشرے کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اگر آج ہم اپنی دینی حساسیت کی حفاظت نہ کریں تو آنے والی نسلیں اپنے مذہبی شعائر کے تقدس سے دور ہو سکتی ہیں۔ لہٰذا ہمارا مطالبہ انتقام نہیں بلکہ اصلاح، ذمہ داری اور احتیاط ہے۔ میڈیا اپنے منصب کی عظمت کو سمجھے، حکومتی ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور پوری قوم اس بات کا عہد کرے کہ دینِ اسلام کے مقدسات اور شعائر کے احترام پر کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے دین، اپنے شعائر اور اپنے مقدسات کا ادب و احترام کرنے، حق کو حق سمجھنے اور اپنی ذمہ داریوں کو دیانت داری کے ساتھ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ناقص منصوبہ بندی یا قومی خزانے کی بے رحمانہ لوٹ مار؟

صدا بصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

پاکستان اس وقت تاریخ کے بدترین معاشی بحرانوں میں سے ایک سے گزر رہا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری، بجلی کے ہوشربا بل، ٹیکسوں کی بھرمار اور قرضوں کا بڑھتا ہوا بوجھ عام آدمی کی زندگی کو اجیرن بنا چکا ہے۔ ایسے میں آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی حالیہ رپورٹ نے قوم کے زخموں پر نمک چھڑکنے کا کام کیا ہے، اس رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ دیامر بھاشا ڈیم، داسو اور نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹس میں ناقص منصوبہ بندی، تاخیر اور انتظامی نااہلی کے باعث قومی خزانے پر تقریباً 39 کھرب روپے کے اضافی بوجھ کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ یہ کوئی معمولی رقم نہیں۔ یہ سب عوام کے ٹیکسوں سے اکٹھا کیا گیا پیسہ ہے جسے بے دردی اور بے حسی کے ساتھ لٹایا جا رہا ہے۔ یہ وہی پیسہ ہے جو ایک مزدور اپنی معمولی تنخواہ سے ٹیکس کی صورت میں دیتا ہے، ایک دکاندار اپنی کمائی سے ادا کرتا ہے اور ایک غریب شہری ہر چیز کی خریداری پر بالواسطہ ٹیکسوں کے ذریعے قومی خزانے میں جمع کراتا ہے۔ افسوس کہ اس قومی امانت کو سنبھالنے والوں نے اس کی حفاظت کے بجائے اسے نااہلی اور غفلت کی نذر کر دیا۔ داسو ڈیم کی ابتدائی لاگت 486 ارب روپے سے بڑھ کر 1737 ارب روپے تک پہنچ جانا صرف اعداد و شمار کا کھیل نہیں بلکہ یہ منصوبہ بندی کے پورے نظام کی ناکامی کا اعتراف ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر ان منصوبوں کی تکمیل میں اتنی تاخیر کیوں ہوئی؟ کیا کسی حکومت، کسی وزیر، کسی سرکاری ادارے یا کسی متعلقہ اتھارٹی نے کبھی یہ سوچا کہ اگر یہ منصوبے بروقت مکمل ہو جاتے تو ملک کو مہنگی بجلی پیدا کرنے والے آئی پی پیز سے نجات مل سکتی تھی۔ اربوں روپے کی کیپیسٹی پیمنٹس سے جان چھوٹ سکتی تھی اور قوم کو سستی بجلی میسر آ سکتی تھی۔ یہ سوال بھی انتہائی اہم ہے کہ ان منصوبوں کی تکمیل میں سست روی کے پیچھے کہیں بااثر آئی پی پیز کے مفادات تو کارفرما نہیں رہے؟ کیونکہ جتنی دیر یہ آبی منصوبے مکمل نہیں ہوتے، اتنی ہی دیر تک مہنگی بجلی پیدا کرنے والے نجی بجلی گھر منافع کماتے رہتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ صرف انتظامی غفلت نہیں بلکہ قومی مفادات کے خلاف ایک سنگین جرم ہے، جس کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں۔ یہ معاملہ اس قدر سنگین ہے کہ اس پر ملک کی اعلیٰ عدلیہ کو بھی توجہ دینی چاہیے۔ یہ سوالات بڑے اہم ہیں کہ کیا سپریم کورٹ اس سنگین غفلت اور قومی خزانے کو پہنچنے والے کھربوں روپے کے نقصان کا ازخود نوٹس لے سکتی ہے؟ کیا ان منصوبوں میں تاخیر، قواعد کی خلاف ورزیوں اور لاگت میں غیر معمولی اضافے کے ذمہ دارو

بقیہ نمبر ☆.....☆ 1

کو متاثر کرتی ہے، اسی طرح دریائے سندھ کا پانی پاکستان کی زندگی کی ضمانت ہے، سمندری گزرگاہوں یا آبی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا عالمی امن کے لیے خطرناک رجحان ہے، سندھ طاس معاہدہ کی بحالی کے بغیر پاکستان اور بھارت کے درمیان پائیدار امن ممکن نہیں۔ پاکستان نے جنگ بندی کی شرائط پر عمل کیا جبکہ بھارت نے اپنے وعدوں کی مکمل پاسداری نہیں کی، سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے حصے کے پانی کا تحفظ یقینی بنایا جانا چاہیے، سندھ محض ایک دریا نہیں بلکہ کروڑوں شہریوں کی زندگی، زراعت اور معیشت کا ذریعہ ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سندھ، جہلم اور چناب کے پانی پر پاکستان کا حق بین الاقوامی معاہدے کے تحت تسلیم شدہ ہے، پانی کے معاملے کو محض تکنیکی تنازع نہیں بلکہ قومی سلامتی کے مسئلے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے، پاکستان کے آبی حقوق کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا قومی سطح پر جواب دیا جائے گا۔ پاکستان امن کا خواہاں ہے لیکن اپنے عوام کے بنیادی حقوق اور آبی مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، کروڑوں عوام کے حقِ آب کے تحفظ پر پوری پاکستانی قوم متحد ہے، پانی کا سیاسی دباؤ یا بطور ہتھیار استعمال بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کے منافی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 2

نے نئے مالی سال کے بجٹ کو قانونی شکل دیتے ہوئے فنانس ایکٹ 27-2026 کا باقاعدہ گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، اس نوٹیفکیشن کے اجرا کے بعد نئے مالی سال کے وفاقی بجٹ پر یکم جولائی سے باضابطہ اور ملک گیر عملدرآمد شروع ہو جائے گا۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ فنانس بل 27-2026 کو قومی اسمبلی سے کثرت رائے سے منظوری کے بعد حتمی توثیق کے لیے صدرِ مملکت کو بھجوایا گیا تھا، صدرِ مملکت کے دستخط اور منظوری کے بعد اس بل کو گزٹ نوٹیفکیشن کے اجرا کے لیے پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان ارسال کیا گیا، جہاں سے گزٹ جاری ہوتے ہی اب فنانس بل نے باقاعدہ فنانس ایکٹ کی قانونی حیثیت اختیار کر لی ہے۔ گزٹ نوٹیفکیشن کے مطابق مالی سال 27-2026 کے وفاقی بجٹ میں شامل تمام نئے ٹیکس اقدامات، کسٹمز ڈیوٹیز، سیلز ٹیکس، محصولات اور دیگر اہم مالیاتی فیصلے یکم جولائی سے ملک بھر میں نافذ العمل ہوں گے۔ ایف بی آر) اور دیگر متعلقہ اداروں کو نئے فنانس ایکٹ کے تحت ٹیکسوں کی وصولی اور نئے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرانے کی ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں، نئے مالی سال کا آغاز ہوتے ہی بجٹ کی تمام نئی شقیں نافذ ہو جائیں گی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 3

صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے وزیرِ اعظم شہباز شریف کے مشورے پر آرڈیننس جاری کیا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 4

نے والا تجارتی بحری جہاز ایم ٹی ثنا کراچی پورٹ پہنچا تھا، جہاں پورٹ پر تعینات ایف آئی اے امیگریشن کے عملے نے روٹین کے مطابق آمد پر جہاز اور اس کے عملے کی سفری دستاویزات کی سخت جانچ پڑتال اور امیگریشن کلیئرنس کا عمل شروع کیا۔ سفری دستاویزات کی باریک بینی سے چیکنگ کے دوران عملے کے 3 ارکان کے کاغذات میں سنگین بے ضابطگیاں اور خامیوں کا انکشاف ہوا، عملے میں شامل دو یمنی باشندوں کے پاس موجود سی مین بکس کی مدت ختم ہو چکی تھی جبکہ عملے کے ایک مصری کارندے کے قبضے سے بیلیرز کی غیر متعلقہ اور مشکوک سی مین بک برآمد ہوئی۔ ان سنگین خلاف ورزیوں پر ایف آئی اے حکام کی جانب سے فوری ایکشن لیتے ہوئے ماسٹر کو وضاحت طلب نوٹس جاری کر کے جواب مانگا گیا تاہم جہاز کا ماسٹر موقع پر اپنے عملے کے درست اور قانونی سرٹیفکیٹس پیش کرنے میں مکمل طور پر ناکام رہا۔ بعد ازاں، جہاز کے ماسٹر نے ایف آئی اے کو دی گئی اپنی تحریری وضاحت میں امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی اور اپنی غلطی کا باقاعدہ اعتراف کر لیا۔ امیگریشن قوانین اور انٹرنیشنل میری ٹائم پروٹوکولز کی صریح خلاف ورزی پر ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے جہاز کے لوکل ایجنٹ پر 15 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا، جو قومی خزانے میں جمع کروایا جائے گا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ کراچی پورٹس پر غیر ملکی عملے اور ان کی دستاویزات کی مانیٹرنگ کو مزید سخت کر دیا گیا ہے اور کسی بھی مشکوک یا غیر قانونی دستاویز پر زیرو ٹالرنس پالیسی برقرار رہے گی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 5

اجبات کی آن لائن ادائیگی کا نظام بھی تیار کر لیا گیا ہے۔ اس پیش رفت سے حج 2027 کی رجسٹریشن اب گھر بیٹھے چند کلکس میں ممکن ہو گی۔ رجسٹریشن سے ادائیگی تک حج نظام مکمل ڈیجیٹل ہوگا۔ حج کے خواہشمند شہریوں کو اس سہولت کے بعد حج واجبات کے لیے بینک جانے کی ضرورت نہیں ہوگی، بلکہ وہ صرف ون لنک کے ذریعے حج واجبات گھر بیٹھے جمع کرا سکیں گے۔ اس کے علاوہ سمندر پار پاکستانی بھی گھر بیٹھے حج رجسٹریشن اور ادائیگی کر سکیں گے۔ حج پورٹل میں درخواست کا اسٹیٹس بھی ایک کلک پر دستیاب ہوگا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 6

: امن اور علاقائی استحکام کا ایک اہم ذریعہ' کے موضوع پر منعقدہ بین الاقوامی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ آج ہم صرف ایک معاہدے پر نہیں بلکہ پاکستان کی شہ رگ پر گفتگو کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وادی سندھ کی تہذیب ہماری اصل شناخت ہے اور ہم اس عظیم تہذیب کے وارث ہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان کے لیے پانی صرف ایک قدرتی وسیلہ نہیں بلکہ زندگی کا بنیادی مسئلہ ہے۔ ہزاروں برس سے دریائے سندھ کا نظام دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں سے ایک کی آبیاری کرتا آیا ہے، جبکہ پاکستان کی تاریخ دراصل دریائے سندھ کی تاریخ ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت قومی معیشت کا بنیادی ستون ہے اور دریائے سندھ اس کی شہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 6 دہائیاں قبل پاکستان اور بھارت نے ایک غیر معمولی فیصلہ کرتے ہوئے 1960 میں سندھ طاس معاہدہ کیا، جو بین الاقوامی تعلقات کی تاریخ کے سب سے پائیدار آبی معاہدوں میں شمار ہوتا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ پرامن تعلقات، تعمیری مذاکرات اور معاہدے پر مخلصانہ عمل درآمد کے عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قیادت بارہا واضح کر چکی ہے کہ دریائے سندھ کے پانی پر پاکستان کے عوام کا مکمل اور قانونی حق ہے، تاہم بھارت نے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کی کوشش کی، جو بین الاقوامی معاہدوں کی روح کے منافی ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان ہر صورت سندھ طاس معاہدے کے تقدس اور قانونی حیثیت کا دفاع کرے گا۔ انہوں نے زور دیا کہ آج اس عزم کے اعادے کی ضرورت ہے کہ سندھ طاس معاہدہ برقرار رہے گا، کیونکہ یہی معاہدہ خطے میں امن، استحکام اور آبی تعاون کی بنیاد ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ گلگت بلتستان سے لے کر پنجاب اور سندھ تک دریائے سندھ صدیوں سے زندگی، زراعت اور تہذیب کا ضامن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے لیے پانی صرف ایک قدرتی وسیلہ نہیں بلکہ قومی بقا کا معاملہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ معاہدوں کی پاسداری ہی قوموں کے درمیان اعتماد اور عالمی نظام کے استحکام کی بنیاد ہوتی ہے، اسی لیے سندھ طاس معاہدے کے تقدس کا تحفظ ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اپنے 24 کروڑ عوام کے آبی حقوق کا ہر صورت تحفظ یقینی بنائے گا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 7

شہری شدید زخمی ہو گیا۔ حادثہ کے بعد وہاں موجود شہریوں کا غصہ پھوٹ پڑا اور مشتعل افراد نے واٹر ٹینکر پر دھاوا بول دیا، عوام نے ٹینکر کے شیشے توڑ دیے اور ڈرائیور کو نیچے اتار کر اس پر تشدد کیا۔ مشتعل ہجوم کے تشدد کے دوران واٹر ٹینکر کا ڈرائیور کسی طرح ان کے چنگل سے نکل کر بھاگنے میں کامیاب ہو گیا، جس کا پیچھا پولیس اور شہریوں کی جانب سے کیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ٹریفک پولیس اور متعلقہ تھانے کی نفری فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور واٹر ٹینکر کو سڑک سے ہٹانے اور ٹریفک کی روانی بحال کرنے کا کام شروع کر دیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ حادثے میں شدید زخمی ہونے والے شہری کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے عباسی شہید ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں ڈاکٹرز اسے طبی امداد فراہم کر رہے ہیں۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش کا آغاز کرتے ہوئے ٹینکر کو تحویل میں لے لیا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 8

(بقیہ نمبر) پر ایک دن پانی بہت کم تو دوسرے دن سیلابی صورت میں بھارت سے آتا ہے، یہ ماحولیاتی مسئلہ نہیں بلکہ انصاف کا مسئلہ ہے کیونکہ پانی کے بہاؤ پر کنٹرول اصل مسئلہ ہے۔ مصدق ملک کے مطابق بھارت نہ صرف ہمارے پانی کے بہاؤ کو کنٹرول کرتا ہے بلکہ دنیا کا تیسرا بڑا آلودگی پھیلانے والا ملک بھی ہے، اور بھارت کی وجہ سے ہمارے 6 ہزار لوگ جاں بحق اور ہزاروں زخمی ہو چکے ہیں، جبکہ 6 ہزار لوگ جنگوں میں بھی نہیں مرتے۔ انہوں نے کہا کہ اصل مسئلہ پانی کے بہاؤ کو کنٹرول کر کے اسے بطور ہتھیار استعمال کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ دنیا کے مضبوط ترین معاہدوں میں سے ایک ہے جو دو ہمسایہ ملکوں کے درمیان تین جنگوں میں بھی قائم رہا، اور اگر یہ معاہدہ قائم نہ رہا تو پھر دنیا کا کوئی بھی معاہدہ قائم نہیں رہ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ کسی ایک ملک کو علاقائی اور عالمی امن کو یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ ہم عالمی ثالثی عدالت سے بھی رجوع کر چکے ہیں، جو واضح فیصلے دے چکی ہے کہ کوئی ملک یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ معطل یا ختم نہیں کر سکتا، نہ ہی پانی کے بہاؤ کو یکطرفہ موڑا جا سکتا ہے، اور نہ ہی پاکستان کے حصے کے پانیوں پر ڈیم بنائے جا سکتے ہیں، تاہم بھارت ان فیصلوں کو تسلیم کرنے سے انکاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ معاہدہ کامیاب نہیں ہوا تو پھر دنیا کے ہر نشیبی ملک کے حصے کا پانی روکا جائے گا، اور یہ صرف پاکستان نہیں بلکہ دنیا بھر کا مسئلہ ہے۔ سندھ طاس معاہدے پر بین الاقوامی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے عالمی ماہر قانون احمر بلال صوفی نے کہا کہ دنیا بھر میں پانی، ہوا اور خوراک کو بنیادی انسانی ضروریات قرار دیا جا چکا ہے، اور بھارت کا سندھ طاس معاہدے کو 'غیر فعال' حالت میں رکھنا غیر قانونی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کو دیگر امور سے منسلک کر رہا ہے، جبکہ پہلگام واقعے کے بعد پاکستان کو معلومات اور تفتیش میں تعاون کے لیے تحریری طور پر رابطہ کرنا چاہیے تھا، لیکن بھارت نے قانونی راستہ اختیار کرنے کے بجائے کشیدگی اور جنگ کا راستہ اپنایا۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر ایک تسلیم شدہ عالمی تنازعہ ہے، اور بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل رکھنے کا معاملہ اقوام متحدہ میں بھی اٹھایا جا چکا ہے، جو اقوام متحدہ کے منشور کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہر مسئلے کا قانونی پہلو موجود ہے، اور دونوں ممالک کے قانونی ماہرین کے درمیان مکالمے کی ضرورت ہے، جبکہ پاکستان عالمی قانون پر مکمل کاربند ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 9

نہ ہونے پر اپنے جوان بیٹے کی میت صرف ایک چادر میں لپیٹ کر دفنانے کے لیے رشید آباد قبرستان پہنچ گیا۔ باپ کے پاس نہ کفن خریدنے کے پیسے تھے اور نہ ہی قبر کے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت تھی، بغیر کفن تدفین کی اطلاع ملتے ہی لوہاری گیٹ پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ متوفی نوجوان دانش کے والد نے پولیس کو بتایا کہ شدید مالی تنگی کے باعث وہ اپنے بیٹے کے آخری سفر کے بنیادی اخراجات بھی پورے نہیں کر سکتا، اس لیے مجبوری میں صرف ایک چادر میں لپیٹ کر میت کو دفن کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اس موقع پر پولیس اہلکاروں نے انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جیب سے رقم جمع کر کے کفن کا انتظام کیا اور میت کی تدفین کرائی۔ کر کے تدفین کروائی۔ اس موقع پر غریب باپ کا کیا کہنا تھا آپ کو دکھاتے ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 10

(بقیہ نمبر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے لیاری انٹرنیشنل فٹبال اسٹیڈیم کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ٹاؤن چیئرمین کے ہمراہ فیفا ورلڈ کپ کا میچ لائیو دیکھا اور میڈیا سے تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر میئر کراچی نے اس انٹرنیشنل فٹبال اسٹیڈیم کا افتتاح چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کیا تھا، جہاں ورلڈ کپ کے میچز عوام کو لائیو دکھائے جاتے ہیں۔ انہوں نے بھارتی وزیر اعظم کو کڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا" یہ پیغام مودی کو دیا گیا ہے کہ لیاری کے خلاف منفی فلم بنا کر جو جھوٹا پروپیگنڈا کیا گیا تھا، وہ مکمل طور پر فیل ہو چکا ہے، لیاری کے عوام فٹبال سے محبت کرنے والے اور انتہائی پرامن لوگ ہیں۔" انہوں نے ماضی کے ہیرو کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اسی لیاری کے حسین شاہ نے باکسنگ میں ملک کے لیے میڈل جیتا تھا، وہ فیفا ورلڈ کپ کے دوران دوسری بار یہاں آئے ہیں اور چیئرمین بلاول بھٹو کی خاص ہدایت تھی کہ آج برازیل کے میچ میں وہ لیاری کے عوام کے درمیان موجود رہیں۔ فیفا ورلڈ کپ میں اپنی پسندیدہ ٹیموں کا ذکر کرتے ہوئے میئر کراچی کا کہنا تھا کہ برازیل ان کی پسندیدہ ٹیم تھی لیکن اب ارجنٹائن فیورٹ ہے؛ میراڈونا کی وجہ سے ارجنٹائن پسند ہے جبکہ ان کے بچوں کو میسی پسند ہے۔ میئر کراچی نے بلدیاتی بجٹ کے حوالے سے بتایا کہ اپوزیشن لیڈر کو بات کرنے کا بھرپور موقع دیا گیا لیکن انہوں نے بجٹ کے سوا ہر چیز پر گفتگو کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سٹی کونسل میں 30 سے 35 لوگوں نے بجٹ کے خلاف جبکہ باقی تمام ارکان نے بجٹ کے حق میں ووٹ دیا، جس سے بجٹ کثرت رائے سے منظور ہوا۔ مرتضیٰ وہاب نے نوجوانوں کے لیے اہم اعلان کرتے ہوئے کہا کہ جو نوجوان فٹبال، کرکٹ اور ہاکی کھیلتے ہیں، ان کے لیے کے ایم سی کی جانب سے اعزازیہ مقرر کیا جائے گا، اس سلسلے میں وفاقی اور صوبائی وزارتِ کھیل سے بھی بات کروں گا تاکہ کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جا سکے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 11

2025-26 کی آڈٹ رپورٹ میں ممبران پارلیمنٹ کے لیے مختص صوابدیدی فنڈز میں بنیادی اصولوں کو نظر انداز کیے جانے کا انکشاف کیا گیا ہے۔ آڈٹ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ممبران پارلیمنٹ کو جاری کیے گئے 75 ارب روپے میں کابینہ ڈویژن نے فنڈز کے اصل مقصد کے استعمال کو نہیں دیکھا۔ اس بات کا پتہ نہیں لگا سکا کہ 75 ارب روپے وہاں خرچ ہوئے جس مقصد کے لیے جاری ہوئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کابینہ ڈویژن نے ماہانہ رپورٹس مرتب نہیں کیں، جس کے باعث یہ تعین نہیں ہو سکا کہ فنڈز ان مقامات پر استعمال کیے گئے جہاں ان کی ضرورت تھی۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق کابینہ ڈویژن نے علاقوں اور مختلف اسکیموں پر خرچ ہونے والی رقم کا ڈیٹا بھی مرتب نہیں کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ان اسکیموں کا مقصد پس ماندہ علاقوں کو علاقائی ترقی کے دھارے میں لانا تھا۔ آڈیٹر جنرل نے اپنی سفارشات میں کابینہ ڈویژن کو تمام فنڈز کی نگرانی کے لیے ایک مرکزی ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم قائم کرنے کی تجویز دی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 12

سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انسانی اعضا ملنے سے متعلق کیس کے حوالے سے ہولناک انکشافات کیے۔ شہزاد ندیم کا کہنا تھا کہ یہ مافیا اسپتالوں سے انسانی پلیسینٹا حاصل کر کے اسے اسمگل کرتا تھا اور ان انسانی اعضاء سے بیرونِ ملک' کولجن شاٹس' اور جلد کو گورا یا چمکدار بنانے والی بیوٹی گولیاں تیار کی جاتی تھیں۔ ملزمان ان اعضاء کو باقاعدہ پیکنگ کرنے کے بعد ویتنام منتقل کرتے تھے۔" انھوں نے بتایا کہ یہ ایک انتہائی مضبوط اور منظم نیٹ ورک ہے جس میں ہسپتالوں کے چھوٹے عملے، لوکل ایجنٹس اور غیر ملکیوں کا آپس میں گٹھ جوڑ تھا تاہم اس مکروہ دھندے کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اب تک کی کارروائیوں میں 5 ملزمان کو گرفتار کیا جا چکا ہے، تاہم فی الحال ان گرفتار ملزمان میں کوئی ڈاکٹر شامل نہیں ہے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے نے تصدیق کی کہ ایف آئی اے نے ملک کے مختلف شہروں میں چھاپے مارے، دارالحکومت میں دو مختلف مقامات پر چھاپے مار کر اہم ترین شواہد اکٹھے کیے گئے جبکہ لاہور، پشاور اور راولپنڈی میں بھی مارے گئے چھاپے انتہائی کامیاب رہے، جہاں سے نیٹ ورک کے تانے بانے ملے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے شہزاد ندیم نے عزم ظاہر کیا کہ اس کیس کو ہر صورت منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور اس میں ملوث مزید بڑے ریکٹس کو بھی گرفت میں لایا جائے گا۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاملہ صرف کرپشن یا اسمگلنگ کا نہیں، بلکہ یہ سراسر انسانی تقدس کی بدترین پامالی کا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 13

کے امکانات روشن ہوئے ہیں اور گزشتہ دنوں وفاقی وزیر پٹرولیم نے اس حوالے سے اشارہ دیتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان خام تیل کی درآمد کے امکانات سمیت توانائی کے تعاون کو تلاش کرنے کے لیے ایرانی حکام کے ساتھ رابطے میں ہے۔ بلوچستان کے کچھ حصوں میں اسمگل شدہ ایرانی پٹرول تقریباً 250 روپے فی لیٹر میں فروخت ہوتا ہے۔ پاکستانی شہری جاننا چاہتے ہیں کہ اگر ایران سے سستے تیل کی قانونی درآمد ہوتی ہے تو پاکستان میں پٹرول کی قیمت کتنی کم ہو سکتی ہے۔ عوامی توقعات کے برعکس توانائی کے ماہرین کا کہنا ہے کہ پابندیوں میں ریلیف کا مطلب یہ نہیں ہے کہ پاکستان کو ایرانی خام تیل رعایتی قیمت پر ملے گا۔ ماہرین کے مطابق ایرانی خام تیل تقریباً یقینی طور پر بین الاقوامی مارکیٹ کی قیمتوں پر فروخت کیا جائے گا بجائے اس کے کہ انہیں ان رعایتی نرخوں پر دیکھا جائے جب پابندیوں کے باعث تہران سستا تیل فروخت کرنے پر مجبور تھا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ دونوں ملکوں کی جڑی سرحد کے باعث نقل و حمل کے اخراجات میں کمی سے کچھ ہو سکتی ہے، لیکن ان سے ایندھن کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا امکان نہیں ہے۔ اعداد و شمار بیرون ملک سپلائی پر پاکستان کے انحصار کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ڈیزل کی تقریباً 70 فیصد طلب ملکی پیداوار کے ذریعے پوری کی جاتی ہے، جب کہ 30 فیصد درآمد کی جاتی ہے، خاص طور پر کویت سے۔ پٹرول اب بھی تقریباً 70 فیصد بین الاقوامی اسپاٹ مارکیٹوں سے خریدا جاتا ہے۔ عارضی طور پر پابندیوں میں نرمی کے بعد، توقع ہے کہ ایران خام تیل مروجہ بین الاقوامی قیمتوں پر فروخت کرے گا۔ نیز، پاکستان واحد ملک نہیں ہوگا جو ایرانی تیل کی تلاش میں ہے، بلکہ بھارت اور چین جیسے بڑے خریداروں کے بھی مارکیٹ میں آنے کا امکان ہے۔ نئے معروضی حالات میں پاکستان اور ایران اس معاملے پر بات چیت کر سکتے ہیں، لیکن اس بات کی کوئی گارنٹی نہیں ہے کہ تہران بین الاقوامی قیمتوں سے نیچے خام تیل کی پیشکش کرے گا۔ دوسری جانب اگر پاکستان بڑی مقدار میں ایرانی خام تیل درآمد کرنا شروع کر دے، تو بھی ایک اور رکاوٹ سامنے آتی ہے اور وہ ہے پاکستان کی ریفائنریز۔ ایرانی خام بنیادی طور پر بھاری خام تیل ہے، جو ہلکے خام درجات کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ مقدار میں فرنس آئل پیدا کرتا ہے۔ جب کہ پاکستان کی پانچ ریفائنریز بنیادی طور پر ہلکے کروڈ کو پراسیس کرنے کے لیے تشکیل دی گئی ہیں اور ابھی تک بھاری گریڈ کو موثر طریقے سے بہتر کرنے کے لیے درکار بڑے اپ گریڈ سے گزرنا باقی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 14

کا سلسلہ سنگین صورتحال اختیار کر گیا ہے۔ شہر میں گزشتہ 4 روز سے بجلی مکمل طور پر غائب ہے، جس کے باعث غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 96 گھنٹوں تک جا پہنچا ہے اور شہری شدید ترین پریشانی اور اذیت کا شکار ہیں۔ چلاس شہر اور مضافات میں ان دنوں شدید گرمی اور حبس کی لہر برقرار ہے۔ بجلی کی طویل ترین معطلی کے باعث گھریلو خواتین، معصوم بچوں اور ضعیف بزرگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بجلی نہ ہونے سے جہاں پینے کے پانی کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے، وہاں کاروبار زندگی بھی مفلوج ہو کر رہ گیا ہے اور عوام کا کوئی پرسانِ حال نہیں ہے۔ عوامی حلقوں نے شدید غصے کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ محکمہ برقیات دیامر بجلی کے اس بدترین بحران پر قابو پانے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ چلاس کے عوام بجلی، پانی، صحت اور تعلیم جیسی بنیادی ترین سہولیات سے بھی محروم ہو چکے ہیں اور انتظامیہ خواب خرگوش کے مزے لے رہی ہے۔" شہریوں نے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان اور چیف سیکرٹری سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ چلاس میں بجلی کے اس سنگین بحران کا فوری نوٹس لیں اور فرائض میں غفلت برتنے والے محکمہ برقیات دیامر کے نااہل عملے کو فوری طور پر عہدوں سے ہٹا کر ضلع بدر کیا جائے اور شہر میں بجلی کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 15

اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ آئندہ جمعہ کے روز معمول کے مطابق تمام سرکاری دفاتر کھلے رہیں گے، جب کہ تمام سرکاری ملازمین اپنی دفاتر میں حاضری یقینی بنائیں گے۔ حکومت کے مطابق یہ فیصلہ صوبائی کابینہ کے 54 ویں اجلاس کی ہدایات کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا نے تمام سرکاری محکموں کو اس فیصلے پر فوری عمل درآمد کی ہدایت بھی جاری کر دی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 16

ہے اور شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر خصوصی ناکے قائم کر کے ٹیمیں تعینات کر دی گئی ہیں۔ چیف ٹریفک آفیسر فرحان اسلم نے تفصیلات بتاتے ہوئے واضح کیا کہ اس سخت انفورسمنٹ کا مقصد ریونیو یا جرمانے اکٹھے کرنا نہیں، بلکہ شہریوں کی قیمتی زندگیوں کو محفوظ بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جان لیوا سڑک حادثات میں 73 فیصد تعداد موٹر سائیکل سواروں کی ہوتی ہے اور حادثے کی صورت میں سر پر لگنے والی چوٹیں (ہیڈ انجری) اموات کی سب سے بڑی وجہ بنتی ہیں، ہمیں ہر حال میں ان قیمتی زندگیوں کو محفوظ بنانا ہوگا۔ سی ٹی او راولپنڈی کا کہنا تھا کہ اس سے قبل چلائی گئی ہیلمٹ انفورسمنٹ مہم کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں، جس کی بدولت سر کی چوٹوں کے کیسز میں 40 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس سخت مہم کے تسلسل سے نہ صرف حادثات میں مزید کمی آئے گی بلکہ ہسپتالوں کی ایمرجنسیز پر بھی مریضوں کا لوڈ نمایاں طور پر کم ہوگا۔ ٹریفک پولیس حکام نے موٹر سائیکل سواروں پر زور دیا ہے کہ وہ ہیلمٹ چالان کے ڈر سے نہیں، بلکہ اپنی ذاتی حفاظت کے لیے پہنیں۔ سی ٹی او فرحان اسلم نے کہا کہ ہیلمٹ کا استعمال اور لین لائن ڈسپلن کی پابندی ہی آپ کے محفوظ سفر کی ضمانت ہے، لہٰذا شہری ذمہ داری کا ثبوت دیں تاکہ وہ چالان اور کسی بھی بڑے حادثے، دونوں سے محفوظ رہ سکیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 17

علاوہ پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے اکاؤنٹنٹ جنرلز کو بھی مکتوب ارسال کر دیے ہیں۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ اس فنڈ میں جمع ہونے والی تمام رقوم وفاقی حکومت کے پبلک اکاؤنٹ میں منتقل کی جائیں گی، جس کے لیے ایک خصوصی اکاؤنٹ ہیڈ اور آبجیکٹ کوڈ بھی مختص کر دیا گیا ہے۔ فنڈ کو چلانے کے قواعد و ضوابط وزارتِ خزانہ، پیٹرولیم ڈویژن اور اوگرا مل کر مشترکہ طور پر تیار کریں گے، جبکہ پیٹرولیم کی قیمتوں میں استحکام کے لیے قانونی اور مالیاتی طریقہ کار کی منظوری الگ سے دی جائے گی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 18

س ہوا، جس میں پنجاب کو ماحولیاتی آلودگی سے پاک کرنے کے لیے ملک کے سب سے بڑے ماحول دوست ٹرانسپورٹ انقلاب کا اعلان کیا گیا ہے۔ حکومت نے صوبے میں الیکٹرک بسیں، ای ٹیکسیاں، ای بائیکس اور ای تھری وہیلرز متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ مریم نواز کی دوراندیش پالیسی کے تحت پنجاب میں الیکٹرک بسوں کی مینوفیکچرنگ انڈسٹری کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے اور اسمبلنگ پلانٹ نے کام شروع کر دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ" پنجاب اب صرف بسیں چلا نہیں رہا بلکہ بسیں بنا رہا ہے، اگلے 5 سالوں میں 5 ہزار الیکٹرک بسیں پنجاب کی سڑکوں پر لائی جائیں گی۔ اس کے علاوہ اضلاع میں موجود 400 فعال بسوں کو جلد الیکٹرک کر دیا جائے گا جبکہ مزید 189 الیکٹرک بسیں سافٹ لانچنگ کے لیے تیار ہیں، جن کا وزیر اعلیٰ آن لائن افتتاح کریں گی۔ پنجاب حکومت نے صوبے کے دیہی اور شہری علاقوں کا ٹرانسپورٹ خلا پر کرنے کے لیے پہلے فیز میں 91 تحصیلوں میں 1500 نئی الیکٹرک بسیں چلانے کا پی سی ون منظور کر لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے عوام کی سہولت کے لیے 61 بسیں فوری طور پر لانچ کرنے کا حکم دیا ہے، جس کے تحت جھنگ، کبیر والا، بھکر، اٹک، منڈی بہاؤالدین، حافظ آباد، چنیوٹ، لیہ، اوکاڑہ اور سیالکوٹ میں بس سروس فوراً فنکشنل کی جا رہی ہے۔ مزید برآں، گوجرانوالہ، گجرات، شیخوپورہ، ملتان اور مری میں 112 بسیں پہنچ چکی ہیں، جبکہ وہاڑی، قصور، لودھراں، ننکانہ اور نارووال میں 25 جولائی سے بسیں چلیں گی۔ حکام نے بریفنگ دی کہ مزید 488 بسیں 20 جولائی کو چینی بندرگاہ سے پنجاب کے لیے روانہ کر دی جائیں گی۔ وزیر اعلیٰ نے کوٹ ادو، حملہ گنگ اور تونسہ شریف میں بھی فوری بسیں بھیجنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کو اجلاس کے دوران گوجرانوالہ اور فیصل آباد ماس ٹرانزٹ سسٹمز اور مری گلاس ٹرین پر تصویری و ویڈیو پراگریس رپورٹ پیش کی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ گوجرانوالہ ماس ٹرانزٹ روٹ پر عوامی مطالبے پر ایک اسٹیشن کا اضافہ کر دیا گیا ہے جس سے اب کل اسٹیشنز کی تعداد 25 ہو گئی ہے، روٹ پر بیریکیڈنگ، پائل ورک، گکھڑ منڈی اور ایمن آباد انڈر پاسز پر کام تین شفٹوں میں تیزی سے جاری ہے۔ دوسری جانب، فیصل آباد ماس ٹرانزٹ سسٹم کے 3.20 کلومیٹر طویل روٹ پر کام تیز کر دیا گیا ہے اور ایئرپورٹ سے جھمرہ تک روڈ ورک اور الیویٹیڈ (فلائی اوور) ورک شروع ہو چکا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے تعمیراتی کام کے دوران ہر صورت حفاظتی اقدامات یقینی بنانے اور روٹ میں آنے والے درختوں کی محفوظ منتقلی کی سخت ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 19

کے ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ میں مقتولہ کو دو گولیاں لگنے کی تصدیق ہوئی ہے جس سے اس ک

ننکانہ صاحب پولیس اوپن ڈور پالیسی شہریوں کو فوری انصاف فراہم

ڈی پی او ارسلان زاہد کھلی کچہری میں شہری شکایات سنتے فوری احکامات جاری کرتے ہیں میرٹ پر عمل

ننکانہ صاحب (نمائندہ خصوصی): ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ننکانہ صاحب ارسلان زاہد نے کہا ہے کہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی اور تھانہ کلچر میں مثبت تبدیلی میری اولین ترجیحات میں شامل ہے، پولیس دفاتر کے دروازے عوام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی پی او آفس میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد ہونے والے کھلی کچہری اور "اوپن ڈور پالیسی" کے تحت شہریوں سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او ننکانہ صاحب ارسلان زاہد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہیں۔ انہوں نے اپنے دفتر میں روایتی پروٹوکول کو ختم کرتے ہوئے "اوپن ڈور پالیسی" نافذ کر رکھی ہے، جس کے تحت ضلع بھر سے تشریف لانے والے درجنوں سائلین، بزرگوں اور خواتین کی شکایات اور درخواستوں کو روزانہ کی بنیاد پر خود سنا جاتا ہے۔ آج بھی ڈی پی او نے سائلین کے مسائل فرداً فرداً سنے اور موقع پر موجود افسران اور متعلقہ سرکل کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو فون کر کے میرٹ پر فوری کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے افسران کو سخت ہدایت کی کہ شہریوں کی درخواستوں پر غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور شہریوں کی عزتِ نفس کا ہر حال میں خیال رکھا جائے۔ اس موقع پر شہریوں نے ڈی پی او کی جانب سے مسائل کو ذاتی طور پر سننے اور فوری حل کے احکامات دینے پر گہرے اطمینان کا اظہار کیا اور ننکانہ پولیس کے اس عوامی اور ہمدردانہ رویے کو زبردست الفاظ میں سراہا۔

ہومیو پیتھک ڈاکٹر عاشق حسین ضیاء سپردِ خاک

نمازِ جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات سمیت عوام کی کثیر تعداد میں شرکت

سانگلہ ہل (طارق محمود) ہومیو پیتھک ڈاکٹر عاشق حسین ضیاء سپردِ خاک، نمازِ جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات سمیت عوام کی کثیر تعداد میں شرکت، مرکزی عیدگاہ میں پیر سید علی حسین شاہ آف چادر والی سرکار نے نمازِ جنازہ پڑھائی، مختلف حلقوں کا گہرے رنج و غم اور تعزیت کا اظہار۔ تفصیلات کے مطابق معروف شخصیت ہومیو پیتھک ڈاکٹر عاشق حسین ضیاء کو آشکبار آنکھوں کے ساتھ سپردِ خاک کر دیا گیا ہے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ مرکزی عیدگاہ میں ادا کی گئی، جس میں پیر سید علی حسین شاہ آف چادر والی سرکار نے امامت کے فرائض سرانجام دیے۔ ڈاکٹر عاشق حسین ضیاء کی آخری رسومات میں عوام کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر امڈ آیا۔ جنازے میں سیاسی، سماجی، کاروباری، علمی و ادبی اور صحافتی حلقوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مرحوم کی وفات پر علاقے کی فضا سوگوار رہی۔ مختلف مکاتبِ فکر کے رہنماؤں اور معززینِ علاقہ نے ڈاکٹر عاشق حسین ضیاء کی خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی رحلت کو ایک بڑا خلا قرار دیا۔ انہوں نے پسماندگان سے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

متعلقہ ادارے روزانہ کی بنیاد پر ڈرینز۔ نالوں کی صفائی کے عمل کو یقینی بنا رہے ہیں

ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے مشینری اور عملے کو بھی الرٹ رکھا گیا ہے۔

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر)۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر مون سون بارشوں کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کی جانب سے ڈرینز اور نالوں کی صفائی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ممکنہ بارشوں کے پیش نظر ضلعی اداروں کی جانب سے کیے جانے والے پیشگی انتظامات بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ ادارے روزانہ کی بنیاد پر ڈرینز اور نالوں کی صفائی کے عمل کو یقینی بنا رہے ہیں، اربن فلڈنگ کے خطرے کے پیش نظر ڈرینز اور نالوں کی صفائی کو بروقت یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ممکنہ بارشوں کے پیش نظر پیشگی انتظامات کو بروقت مکمل کیا گیا ہے، ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے مشینری اور عملے کو بھی الرٹ رکھا گیا ہے جبکہ رپورٹنگ کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سنٹر، ریسکیو 1122 میونسپل اداروں سمیت دیگر تمام ضلعی ادارے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ماہین فاطمہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سفیان دلاور، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

سیالکوٹ سوشل سیکیورٹی ہسپتال میں طبی سہولیات بہتری کا حکومتی فیصلہ

صوبائی وزیر محنت نے سٹروک انجکشن نیورو سرجن اور ایمرجنسی سہولیات کی فراہمی کے احکامات جاری کیے ہیں

سیالکوٹ (عشرت انصاری) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ سوشل سیکیورٹی ہسپتال میں فالج کی صورت میں ایمرجنسی لگائے جانیوالے سٹروک انجکشن کی دستیابی یقینی بنائی جائے، انجکشن لگانے کیلئے میڈیکل سپیشلسٹ موجود ہو جبکہ مستقبل میں ہسپتال نیورو سرجن کی اسامی بھی بنائی جا رہی ہے۔ سوشل سیکیورٹی ہسپتال سیالکوٹ کا دورہ کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے سیالکوٹ آمد پر سوشل سیکیورٹی ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال کی ری ویپنگ کے جاری منصوبے کا تفصیلی جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر نے ایمرجنسی سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ کتے کے کاٹنے اور سانپ کے ڈسنے کی ویکسین بھی ہسپتال میں دستیاب رکھی جائے تاکہ ہنگامی صورتحال میں فوری طبی امداد فراہم کی جا سکے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں سوشل ویلفیئر کی تمام 13 ڈسپنسریوں کا بجٹ دوگنا کر دیا گیا ہے، ہر ڈسپنسری کا سالانہ بجٹ بڑھا کر ڈیڑھ کروڑ روپے کر دیا گیا ہے تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر کو بریفنگ دی گئی کہ سوشل سیکیورٹی ہسپتال سیالکوٹ کی ری ویپنگ کے بعد ایمرجنسی وارڈ فعال کر دیا گیا ہے جبکہ دیگر کام بھی تیزی سے مکمل کئے جا رہے ہیں۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے ہدایت کی کہ منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے تاکہ محنت کشوں اور ان کے اہلخانہ کو جدید طبی سہولیات بروقت میسر آ سکیں۔ صوبائی وزیر نے مریضوں کی عیادت بھی کی اور ان سے ہسپتال میں دستیاب سہولیات، علاج معالجہ اور دیگر امور کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سوشل سیکیورٹی ہسپتال میں سٹروک انجکشن کی دستیابی ہر وقت یقینی بنائی جائے اور اس کے استعمال کے لئے میڈیکل سپیشلسٹ کی موجودگی بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیورو سرجن کی نئی آسامی بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ سوشل سیکیورٹی ہسپتال سیالکوٹ کی ری ویپنگ کا تقریباً 75 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، باقی ماندہ کام بھی معیار کے ساتھ جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مزدور اور محنت کش طبقے کی صحت وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور حکومت انہیں جدید و معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

ننکانہ صاحب میں گرین بس سروس شروع

شہریوں کو سستی سفری سہولیات اور سڑکوں کی بہتری کا منصوبہ

ننکانہ صاحب: (بیورو چیف) وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے خصوصی وژن کے تحت ننکانہ صاحب کے شہریوں کے لیے گرین بسوں کی پہلی کھیپ فراہم کر دی گئی ہے۔ اس منصوبے کا بنیادی مقصد ضلع بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ کے دیرینہ مسئلے کو حل کرنا اور عوام کو سستی سفری سہولیات فراہم کرنا ہے۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق ان بسوں کے روٹس کو اس طرح ترتیب دیا جا رہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہریوں، خصوصاً طلبہ، سرکاری ملازمین اور تاجر برادری کو فائدہ پہنچ سکے۔ بسوں کی آمد کے ساتھ ہی ضلعی انتظامیہ نے ان کے مخصوص روٹس کی سڑکوں کی ہنگامی بنیادوں پر تعمیر و مرمت اور کارپٹنگ کا کام بھی شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ سفری وقت کو کم سے کم کیا جا سکے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گرین بسوں کے چلنے سے نہ صرف نجی ٹرانسپورٹ مافیا کے ہاتھوں عوام کا استحصال بند ہوگا، بلکہ آلودگی میں بھی کمی آئے گی۔ عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری سے یہ منصوبہ طویل عرصے تک کامیابی سے چلے گا۔

تھانہ ساہوکا کی حدود میں چوری کی وارداتوں کا سلسلہ نہ تھم سکا

چوری کی وارداتوں نے کسانوں اور شہریوں میں شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے

بوریوالہ (شوکت علی فریدی الراعی بیورو چیف) تھانہ ساہوکا کی حدود میں چوری کی وارداتوں کا سلسلہ نہ تھم سکا، نامعلوم چور ایک اور شہری کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا کر رات کی تاریکی میں باآسانی فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق!!! چک نمبر 315 ای بی کے رہائشی زین العابدین ولد محمد علی کے ڈیرہ پر رات کے اندھیرے میں نامعلوم چور دھاوا بول گئے۔ چور ڈیرہ سے 3 عدد ٹریکٹر بیٹریاں، سائلنج مشین کی 2 بیٹریاں، ایک سلف اور ڈیزل پمپ چوری کر کے لے گئے۔ چوری ہونے والے سامان کی مجموعی مالیت تقریباً 5 لاکھ روپے بتائی جاتی ہے۔ متاثرہ شہری نے بتایا کہ صبح ڈیرہ پر پہنچنے پر سامان غائب تھا، جس پر فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی گئی۔ اہلِ علاقہ کا کہنا ہے کہ ساہوکا اور گردونواح میں بڑھتی ہوئی چوری کی وارداتوں نے کسانوں اور شہریوں میں شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے، جبکہ رات کے وقت گشت نہ ہونے کے باعث چور دندناتے پھر رہے ہیں۔ متاثرہ خاندان اور اہلِ علاقہ نے اعلیٰ پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واردات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے مسروقہ سامان برآمد کیا جائے اور علاقے میں پولیس گشت مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ شہری خود کو محفوظ محسوس کر سکیں۔

پنجاب حکومت نے کسان دشمن پالیسیاں بنانا شروع کر دیں احسن رضا واہگہ

ایک ایکڑ پر 2 ہزار روپیہ سالانہ ٹیکس لگا دیا گیا رہنما پاکستان تحریک انصاف



ٹی آئی جدوجہد کر رہی ہے

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ٹکٹ ہولڈر حلقہ پی پی 132 احسن رضا واہگہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت نے کسانوں کو ریلیف فراہم کرنے کی بجائے ان کے خلاف پالیسیاں بنانا شروع کر دیں جعلی حکومت نے ایک ایکڑ پر 12 ہزار روپیہ سالانہ ٹیکس لگا دیا ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ کٹھ پتلی حکومت سے کسی بھلائی کی امید نہیں ہے اس نے اپنے اقتدار کو طول دینے کے لیے مخالفین کے خلاف ناروا سلوک شروع کر رکھا ہے حکومت مخالفین کے خلاف جعلی مقدمات درج کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی پیداوار حکومت نے ملک کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا ہے پی ٹی آئی کے سربراہ عمران خان کے خلاف ناجائز اور جعلی مقدمات درج کر کے انہیں جیل میں رکھا گیا ہے انہوں نے کہا کہ جمہوریت کی بحالی کے لیے پی

واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں وہاں پہنچی۔

واٹر ریسکیو اینڈ سرچ آپریشن کی نگرانی ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار کر رہے ہیں،

سرچ آپریشن کی تمام تر نگرانی ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار کر رہے ہیں،

ننکانہ صاحب (بیورو چیف) کالر کے مطابق سیدوالا روڈ ہلہ سیداں گاؤں کے قریب دریائے راوی میں بھینیس نہلاتے ہوئے 15 سالہ لڑکا ڈوب گیا، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں وہاں پہنچی، ریسکیو ٹیموں نے فوری واٹر ریسکیو اینڈ سرچ آپریشن شروع کر دیا، دریائے راوی کے گہرے پانی میں ڈوبنے والے لڑکے کی تلاش کے لیے ریسکیورز پیشہ ورانہ مہارت اور مختلف جدید تکنیکس کا استعمال کر رہے ہیں،: واٹر ریسکیو اینڈ سرچ آپریشن کی تمام تر نگرانی ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار کر رہے ہیں،

بوریوالا میں کھدائی سے گیس لائن متاثر

شہریوں کا اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ ہے

بورے والا (شوکت علی فریدی الراعی بیورو چیف) کمشنر ڈویژن ملتان، ڈپٹی کمشنر وہاڑی، اور سوئی ناردرن کے اعلیٰ افسران سے نوٹس لینے کا مطالبہ اہالیان علاقہ بوریوالہ وہاڑی بازار نزد دھوبی گھاٹ من پسند شخص کو نوازنے کے لئے بلدیہ اور ٹھیکیدار اہل محلہ کے لئے باعث اذیت بن گئے ہیں۔ بغیر نقشہ صرف ایک گھر کو ڈبل سیوریج لائن مہیا کرنے کے لئے دوران کھدائی سوئی گیس پائپ لائن کاٹ دی گئی ہے جس سے گھریلو صارفین کی گیس بند ہو گئی ہے اگر مزید کھدائی کرتے ہیں تو پینے کے پانی اور سیوریج کے پانی کے بند ہونے کا قوی امکان ہے۔ اہلیان حلقہ کا کہنا ہے کہ صرف ایک بااثر شخصیت کے مفاد کے پیش نظر ٹھیکیدار اور اسکا عملہ کھدائی مزید گہری کر رہے ہیں جس کے باعث گیس اور پانی صارفین کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ حالانکہ دونوں اطراف کا سیوریج درست طریقے سے چل رہا ہے ڈبلو بلاک نزد دھوبی گھاٹ سڑکوں کی تعمیر کا کام جاری ہے وہاں ٹھیکیدار کی طرف سے لیبر کام کر رہی ہے اور دوران کھدائی انہوں نے پائپ لائن کاٹ دی ہے جس کی وجہ سے محکمہ کو اس گیس لائن کو بند کرنا پڑا۔ متاثرہ شہریوں کی طرف سے کمشنر ملتان، ڈی سی وہاڑی سوئی ناردرن ملتان ریجن کے اعلیٰ افسران سے نوٹس لینے کا مطالبہ ہے

سانگھڑ ڈسٹرکٹ کونسل نے مالی سال بجٹ اکثریتی رائے سے منظور

ترقیاتی منصوبے تنخواہیں پنشن اور عوامی سہولیات کے لیے تفصیلی مالی منصوبہ پیش کیا گیا منظور کیا گیا

سانگھڑ (نامہ نگار ڈاکٹر ارشاد جٹ) سانگھڑ: ڈسٹرکٹ کونسل سانگھڑ نے مالی سال 2026-27 کے لیے 99 کروڑ 80 لاکھ 12 ہزار 309 روپے کا سالانہ بجٹ اکثریتی رائے سے منظور کر لیا تفصیلات کے مطابق بجٹ اجلاس ضلعی چیئرمین ریاض احمد شاہ خراسانی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں چیف اکاؤنٹ آفیسر جے کمار نے بجٹ کی تفصیلات ایوان میں پیش کیں، جبکہ ضلعی چیئرمین نے بجٹ پیش کیا۔ بجٹ پر تفصیلی بحث کے بعد اسے اکثریتی رائے سے منظور کر لیا گیا بجٹ دستاویزات کے مطابق ضلعی کونسل کی مجموعی متوقع آمدن 99 کروڑ 80 لاکھ 12 ہزار 309 روپے رکھی گئی ہے، جس میں سب سے بڑا حصہ اوزی ٹی (OZT) شیئر کا ہے۔ اس کے علاوہ غیر منقولہ جائیداد کی منتقلی پر ایک فیصد ٹیکس، مختلف مقامی ٹیکس، دکانوں اور سرکاری املاک کے کرایے، ٹینڈر فیس، مختلف فیسیں، بقایا جات اور دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدنی بھی شامل ہے بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں، پنشن اور انتظامی امور کے لیے 39 کروڑ 81 لاکھ 12 ہزار 800 روپے مختص کیے گئے ہیں، جبکہ پنشن فنڈ کے لیے 7 کروڑ 50 لاکھ روپے رکھے گئے ہیں۔ ہنگامی اور انتظامی اخراجات کی مد میں 13 کروڑ 68 لاکھ 35 ہزار روپے مختص کیے گئے ہیں، جن میں جنرل ایڈمنسٹریشن، انجینئرنگ، اکاؤنٹس، ٹیکس، میڈیکل، فائر بریگیڈ، صفائی ستھرائی، گرانٹس اور دیگر ضروری اخراجات شامل ہیں، ترقیاتی شعبے کے لیے جاری اسکیموں پر 22 کروڑ روپے، نئے ترقیاتی منصوبوں (NIT) کے لیے 20 کروڑ روپے جبکہ ضلعی کونسل کی عمارتوں اور املاک کی مرمت و دیکھ بھال کے لیے 25 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس طرح ترقیاتی اخراجات کا مجموعی حجم 42 کروڑ 25 لاکھ روپے مقرر کیا گیا ہے بجٹ کے مطابق مجموعی اخراجات 99 کروڑ 79 لاکھ 47 ہزار 800 روپے ہوں گے، جبکہ مالی سال کے اختتام پر 64 ہزار 509 روپے کا اختتامی بیلنس باقی رہنے کا تخمینہ ظاہر کیا گیا ہے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی چیئرمین ریاض احمد شاہ خراسانی نے کہا کہ بجٹ میں عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی، جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، نئے ترقیاتی منصوبوں کے آغاز اور بلدیاتی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی کونسل دستیاب وسائل کو شفاف اور مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے عوامی مسائل کے حل اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی اجلاس کے اختتام پر مالی سال 2026-27 کا بجٹ اکثریتی رائے سے منظور کر لیا گیا، جس کے بعد ضلعی کونسل سانگھڑ کے مالیاتی اور ترقیاتی پروگرام پر عمل درآمد کی راہ ہموار ہو گئی اجلاس سے اپوزیشن لیڈر عارب راجڑ، فیض محمد منگریو، پیپلز پارٹی کے یاسر مری، امان اللہ مری، ڈاکٹر روبینہ رؤف، رانی دیگر اپنے خیالات کا اظہار کیا، آخر میں ضلع چیرمین نے فرید خان مری کو ضلع کونسل سانگھڑ کا رکن منتخب ہونے پر مبارکباد دی لونگی پہنائی گئی،

شاہ سلمان کی نیابت میں غسلِ کعبہ کی سالانہ روح پرور تقریب

نائب گورنر مکہ نے آبِ زم زم اور عرقِ گلاب سے خانہ کعبہ کو غسل دیا علما سفارتکار اور شاہی شخصیات شریک

مکہ مکرمہ (محمد اکرم اسد) مسجد الحرام میں غسل کعبہ کی سالانہ بابرکت روح پرور تقریب میں خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی نمائندگی کرتے ہوئے نائب گورنر مکہ مکرمہ شہزادہ سعود بن مشعل بن عبدالعزیز آل سعود نے کعبۃ اللہ کو غسل دینے کا اعزاز حاصل کیا غسل کعبہ کی رسم کے موقع پر سیکورٹی کے خصوصی انتظامات کئے گئے حرمین شریفین انتظامیہ کے سربراہ اعلیٰ امام وخطیب حرم کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمن السدیس اسلامی ملکوں کے سفارتکاروں علما شاہی خاندان کے افراد اور منتخب شخصیات نے غسل کعبہ میں شرکت کی شہزادہ سعود بن مشعل نے مسجد حرام آمد کے بعد پہلے بیت اللہ شریف کا طواف کیا اور دو رکعت نوافل ادا کیے اس کے بعد نائب گورنر مکہ مکرمہ نے خانہ کعبہ کو غسل دینے کا آغاز کیا اس موقعہ پر کعبہ شریف کی دیواروں کو آب زم زم اور خالص عرق گلاب سے دھونے کے بعد عود اور دیگر خوشبو یات سے معطر کیا گیا خانہ کعبہ شریف کو غسل دینے کی تقریب میں شرکت کرنے والوں میں حج وعمرہ کے وزیر اور حرمین شریفین کی دیکھ بھال کے نگران ادارے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سربراہ ڈاکٹر توفیق الربیعہ حرمین شریفین کے مذہبی امور کے سربراہ، امام وخطیب حرم کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمن السدیس مسجد نبوی ﷺ شریف کے امام وخطیب فضیلۃ الشیخ احمد الحذیفی موزن الشیخ اسامہ اخضر دیگر ائمہ کرام شیخ بدر الترکی شیخ قرافی شیخ برہی رابطہ عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ کلید کعبہ سدنہ کے ارکان اور متعدد مسلمان ممالک کے سفیروں نے شرکت کی

کمیٹی چوک چلڈرن پارک کی خوبصورتی بڑھانے کے اقدامات

ہارٹیکلچر ایجنسی نے کمیٹی چوک چلڈرن پارک کو مزید سرسبز، خوبصورت اور محفوظ بنانے کا کام تیز کر دیا

راولپنڈی (پی پی اے) ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی نے ایم ڈی احمد حسن رانجھا کی خصوصی ہدایات پر کمیٹی چوک چلڈرن پارک کی خوبصورتی صفائی اور ماحول کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی اقدامات شروع کر دیے ہیں پارک میں موسمی پھولوں اور مختلف اقسام کے پودوں کی شجرکاری سبزہ زاروں کی دیکھ بھال گھاس کی کٹائی اور پودوں کی تراش خراش کا کام جاری ہے جبکہ داخلی اور بیرونی حصوں کو رنگ برنگے پھولوں سے مزین کیا جا رہا ہے صفائی کے انتظامات بھی مزید مؤثر بنائے گئے ہیں تاکہ شہریوں خصوصاً بچوں اور اہلِ خانہ کو صاف سرسبز اور خوشگوار تفریحی ماحول میسر آ سکے ایم ڈی احمد حسن رانجھا نے کہا کہ عوامی مقامات کی خوبصورتی اور پارکس کی بہترین دیکھ بھال ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے بتایا کہ بچوں کے کھیل کے آلات اور دیگر سہولتوں کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ انہیں مزید محفوظ اور معیاری بنایا جا سکے ہارٹیکلچر ایجنسی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پارکوں کی صفائی برقرار رکھنے پودوں اور پھولوں کی حفاظت کرنے اور سرسبز ماحول کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں

سجاد پٹھان کو نامعلوم موٹر سائیکل سوار نے گولی مار کر قتل کر دیا

سجاد پٹھان کے پی کے سے ہجرت کر کے بارے والا میں مقیم تھا



بورے والا میں عرصہ دراز سے مقیم تھا ذرائع کے مطابق واقعہ دیرینہ دشمنی کا شاخسانہ ہے

بورے والا (بیورو چیف شوکت علی فریدی الراعی) دیرینہ دشمنی پر موٹر سائیکل سوار نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا سی سی ٹی وی فوٹیج مل گئی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور سی سی ٹی وی فوٹیج کے مطابق تفتیش اور تحقیق شروع کر دی گئی ذرائع کے مطابق سجاد پٹھان کو نامعلوم موٹر سائیکل سوار نے قریب آ کر سر میں ایک گولی مار کر قتل کر دیا نامعلوم مسلح شخص سجاد عرف مرلی پٹھان پر اندھا دھند گولیاں برساتا رہا اسی دوران سجاد کے ساتھ موجود بچی بھی گولیوں کی زد میں آ گئی مبینہ طور پر سجاد پٹھان کے پی کے سے ہجرت کر کے

ورلڈ کپ سے باہر ہونے پر سعودی فٹبال فیڈریشن کے صدر کا استعفیٰ

فیفا ورلڈ کپ میں ناکامی پر یاسر المسحل نے ذمہ داری قبول کرتے ہوئے عہدے سے استعفیٰ دے دیا

ریاض (پی پی اے) فیفا ورلڈ کپ 2026 سے سعودی عرب کے اخراج کے بعد سعودی فٹبال فیڈریشن کے صدر یاسر المسحل اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے سعودی ٹیم گروپ مرحلے میں یوراگوئے اور کیپ وردے کے خلاف میچ برابر کھیلنے کے بعد اسپین سے شکست کھا کر ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئی استعفے کا اعلان کرتے ہوئے یاسر المسحل نے کہا کہ وہ ٹیم کی ناکامی کی مکمل ذمہ داری قبول کرتے ہیں قومی ٹیم کی کارکردگی توقعات کے مطابق نہ رہی جس پر وہ شائقین سے معذرت خواہ ہیں یاسر المسحل کئی برس تک سعودی فٹبال فیڈریشن کے صدر رہے اور فیفا ورلڈ کپ 2034 کی میزبانی حاصل کرنے کی سعودی مہم میں بھی اہم کردار ادا کیا

اولمپکس 2028 کرکٹ کوالیفکیشن سسٹم کا اعلان

128 سال بعد اولمپکس میں کرکٹ کی واپسی آئی سی سی نے کوالیفکیشن طریقہ کار طے کر دیا

لاس اینجلس (پی پی اے) 128 سال بعد اولمپکس میں کرکٹ کی واپسی آئی سی سی نے کوالیفکیشن سسٹم کا اعلان انٹرنیشنل کرکٹ کونسل آئی سی سی نے لاس اینجلس اولمپکس 2028 میں کرکٹ مقابلوں کے لیے کوالیفکیشن سسٹم کا اعلان کر دیا جس کے تحت 128 سال بعد اولمپکس میں کرکٹ کی واپسی ہوگی آئی سی سی کے مطابق مردوں اور خواتین کے ایونٹس میں 6،6 ٹیمیں حصہ لیں گی اور تمام میچز ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیلے جائیں گے خواتین کے ایونٹ کے لیے آسٹریلیا بھارت برطانیہ اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں پہلے ہی کوالیفائی کر چکی ہیں جبکہ باقی نشستیں متعلقہ خطوں کی ٹاپ رینکنگ ٹیموں اور 2027 کے آئی سی سی اولمپکس کوالیفائر کے ذریعے پُر کی جائیں گی مردوں کے ایونٹ میں براہِ راست کوالیفکیشن کا فیصلہ 31 دسمبر 2026 کی آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی رینکنگ کی بنیاد پر ہوگا جبکہ آخری نشستیں 2027 کے اولمپکس کوالیفائر کے ذریعے دی جائیں گی آئی سی سی نے واضح کیا ہے کہ میزبان امریکا کی مردوں یا خواتین کی ٹیم کو براہِ راست شرکت کے لیے ٹی ٹوئنٹی رینکنگ میں ٹاپ 15 میں ہونا ضروری ہوگا ویسٹ انڈیز کو براہِ راست جگہ نہیں ملے گی اس لیے کیریبین نمائندہ ٹیم کا فیصلہ بھی کوالیفائر کے ذریعے ہوگا ہر ٹیم 15 رکنی اسکواڈ پر مشتمل ہوگی جبکہ مردوں اور خواتین کے مقابلوں میں مجموعی طور پر 28 میچز کھیلے جائیں گے

پی آئی اے نجکاری، تاریخی سنگ میل عبور کر لیا گیا

وزیر اعظم نے پی آئی اے نجکاری کی کامیاب تکمیل پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے اہم کامیابی قرار دیا

اسلام آباد (پی پی اے) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن پی آئی اے کی نجکاری کے فرسٹ فنانشل کلوزنگ کی کامیاب تکمیل پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے اسے ملکی معیشت اور اصلاحاتی عمل میں تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے وزیر اعظم کے مطابق تمام شرائط پوری ہونے کے بعد پی آئی اے کا انتظامی کنٹرول عارف حبیب کارپوریشن کی سربراہی میں سرمایہ کار کنسورشیم کے حوالے کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کو مثبت پیغام ملا ہے کہ پاکستان سرمایہ کاری اور معاشی اصلاحات کے لیے تیار ہے شہباز شریف نے کہا کہ نجکاری کے بعد قومی ایئرلائن کو دوبارہ عروج دلانے کی راہ ہموار ہوگی جبکہ ملازمین مسافروں اور صارفین کے مفادات کا مکمل تحفظ کیا جائے گا اور پروازوں و آپریشنز میں کوئی تعطل نہیں آئے گا وزیر اعظم نے اس کامیابی پر نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار فیلڈ مارشل سید عاصم منیر وزیر دفاع خواجہ آصف وزیر خزانہ محمد اورنگزیب مشیر برائے نجکاری محمد علی کابینہ کمیٹی برائے نجکاری اور نجکاری کمیشن کی خدمات کو سراہتے ہوئے اسے حکومت کے معاشی اصلاحاتی ایجنڈے کی اہم کامیابی قرار دیا

نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے منصوبوں اور ویلفیئر کا تفصیلی جائزہ

ایم ڈی سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا

اسلام آباد (پی پی اے) ایم ڈی نیشنل پولیس فاونڈیشن سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس اجلاس میں بھرتیوں ہا